★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیرِ وطن

کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 28.....شمارہ نمبر 40 بروز پیر 9 نومبر 2026ء 28 جمادی الاول 1448ھ.....قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان.....ایڈیٹر: ایم ایس خان

چاغی، نامعلوم مسلح افراد کی حجام کی دکان پر فائرنگ ایک شخص جاں بحق، دو افراد زخمی

چاغی (آن لائن) چاغی بازار میں نامعلوم مسلح افراد کی حجام کی دکان پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہوگئے۔ چاغی پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والے شخص اور ایک زخمی کا تعلق چاغی سے ہے، جبکہ دوسرے زخمی کا تعلق ڈیرہ مراد جمالی سے بتایا جاتا ہے۔ مزید کا تحقیقات پولیس کر رہی ہے۔

خضدار، زیرو پوائنٹ کے قریب المناک ٹریفک حادثہ، موٹر سائیکل سوار جاں بحق

خضدار (آن لائن) زیرو پوائنٹ کے قریب المناک ٹریفک حادثہ، موٹر سائیکل سوار جاں بحق. تفصیلات کے مطابق خضدار کے علاقے زیرو پوائنٹ کے قریب تیز رفتار گاڑی نے موٹر سائیکل سوار کو کچل دیا، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ جاں بحق شخص کی شناخت عبدالرشید ولد وزیر احمد، قوم خدرانی، سکنہ سوران خضدار کے نام سے ہوئی ہے۔ ان کی عمر تقریباً تیس سے پینتیس سال بتائی گئی ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہندو برادری کو دیوالی کی مبارکباد



کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہندو برادری کو دیوالی کے تہوار پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دیوالی محبت، بھائی چارے، امن اور روشنیوں کا خوبصورت پیغام دیتی ہے۔ ایسے تہوار معاشرے میں (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

جسٹس جمال خان مندوخیل 12 نومبر کو ریٹائر ہو جائیں گے، اعزاز میں فل کورٹ ریفرنس 11 نومبر کو ہوگا



اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن): سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل 12 نومبر کو اپنے عہدے سے ریٹائر ہو جائیں گے۔ ان کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر اعزاز میں فل کورٹ ریفرنس 11 نومبر کو دن 12 بجے منعقد ہوگا۔ فل کورٹ ریفرنس سے چیف (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

قومی تحریکوں میں فعال منظم نظریاتی اور متحرک تنظیم بنیادی حیثیت رکھتی ہے، اصغر خان اچکزئی



کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پشتون قومی تحریک شہدا کی لازوال قربانیوں اکابرین کی انتھک جدوجہد اور قومی حقوق کے حصول کے لیے دی جانے والی بے مثال قربانیوں کا تسلسل ہے قومی تحریکوں میں فعال (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

وزیراعلیٰ بلوچستان سے خضدار کی متحرک اور باہمت سماجی رہنما امینہ شفیع کی ملاقات، بے سہارا اور یتیم بچوں کی کفالت، تعلیم اور بہتر مستقبل کیلئے جاری سماجی خدمات پر تبادلہ خیال

کسی بچے کو محض وسائل کی کمی کے باعث تعلیم اور بہتر مستقبل کے مواقع سے محروم نہیں ہونا چاہیے، وزیراعلیٰ بلوچستان

یتیم بچوں کی کفالت اور تعلیم کی ذمہ داری اٹھانا محض ایک سماجی خدمت نہیں بلکہ عظیم انسانی اور اخلاقی ذمہ داری ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے خضدار کی متحرک اور باہمت سماجی رہنما امینہ شفیع نے ملاقات کی، جس کے دوران خضدار میں بے سہارا اور یتیم بچوں کی کفالت، تعلیم اور بہتر مستقبل کے لیے جاری سماجی خدمات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ امینہ شفیع اپنی مدد آپ کے تحت ان بچوں کی سرپرستی اور تعلیم کی ذمہ داریاں نبھا رہی ہیں اور انہیں معاشرے کا باوقار اور خودمختار شہری بنانے کے لیے عملی جدوجہد کر رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے امینہ شفیع کے جذبہ انسانیت، حوصلے اور سماجی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں اصل عظمت دوسروں کے دکھ درد کو اپنا سمجھنے اور بے سہارا لوگوں کا سہارا بننے میں ہے۔ امینہ شفیع جیسی باہمت بیٹیاں ہمارے معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں جو اپنی عملی جدوجہد سے انسانیت، ہمدردی اور (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

ملاقات میں سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، نواز شریف کی معاشی استحکام کے لیے اقدامات تیز کرنے اور عوامی فلاحی منصوبوں کو ترجیح دینے کی ہدایت

حکومت کی بنیادی ترجیح مہنگائی کی شرح میں مزید کمی اور بالخصوص غریب طبقے کو ایسا ریلیف فراہم کرنا ہے جو عوام کو عملی طور پر محسوس ہو، میاں نواز شریف

شہباز شریف کی نواز شریف سے ملاقات، ملکی سیاسی و معاشی صورتحال پر مشاورت

وزیراعظم شہباز شریف کی جاتی امرا میں نواز شریف سے ملاقات، پیٹرولیم مصنوعات پر عوام کو ریلیف دینے کے اقدامات اور مہنگائی میں کمی کے امور زیر غور آئے

لاہور (آن لائن): وزیراعظم شہباز شریف نے جاتی امرا میں سابق وزیراعظم اور مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف سے ملاقات کی، جس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز بھی موجود تھیں۔ ذرائع کے مطابق اہم ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے نواز شریف کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ریلیف دینے کے لیے کیے گئے اقدامات سے آگاہ (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

فیڈرل کانسٹیبلری میں بڑی تبدیلی کا آغاز ہو چکا ہے، وفاقی وزیر داخلہ

چاروں صوبوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والے جوانوں نے تربیت مکمل کی، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی مہمان خصوصی تھے

فیڈرل کانسٹیبلری، جو پہلے فرنٹیئر کانسٹیبلری کے نام سے جانی جاتی تھی، ایک صدی سے زیادہ پرانی تاریخ رکھنے والی فورس ہے، خطاب

شبقدر، چارسدہ (آن لائن) فیڈرل کانسٹیبلری کے آپریشنل پروٹیکشن ونگ اور اینٹی رائٹ ونگ کے پہلے تربیتی بیچ کی پاسنگ آؤٹ پریڈ شبقدر ٹریننگ سینٹر میں منعقد ہوئی، جس میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں تاریخ میں پہلی مرتبہ 35 خواتین سمیت چاروں صوبوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والے مجموعی طور پر 983 جوانوں نے تربیت مکمل کرنے کے بعد پاس آؤٹ کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پریڈ کا معائنہ کیا، اس موقع پر چاک و چوبند دستے نے انہیں سلامی پیش کی۔ وزیر داخلہ نے آپریشنل پروٹیکشن ونگ اور اینٹی رائٹ ونگ کے جوانوں میں انعامات تقسیم کیے۔ انہوں نے جوانوں کی پیشہ ورانہ تربیت کے مختلف مظاہرے بھی دیکھے اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے جوانوں کی پیشہ ورانہ مہارت (باقی صفحہ 8 نمبر 8)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اسامہ ترین ملاقات کر رہے ہیں

دہشتگرد ہمارے معصوم بچوں کو ایندھن بنا رہے ہیں، وزیر داخلہ بلوچستان

بلوچ بچے اور بلوچ خواتین بلوچستان کا مستقبل ہیں جنہوں نے بڑے ہو کر بلوچستان کی خدمت کرنی ہے

ان میں سے کچھ نے ڈاکٹر بننا ہے، کچھ نے انجینئر بننا ہے مختلف محکموں اور اداروں میں بلوچستان کی خدمت کرنی ہے

کوئٹہ (آن لائن) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچ بچے اور بلوچ خواتین بلوچستان کا مستقبل ہیں، جنہوں نے بڑے ہو کر بلوچستان کی خدمت کرنی ہے اور صوبے کو ترقی دینی ہے۔ ان میں سے کچھ نے ڈاکٹر بننا ہے، کچھ نے انجینئر بننا ہے اور مختلف محکموں اور اداروں میں بلوچستان کی خدمت کرنی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بدخواہ جو بلوچ قوم کا نام استعمال کرنا چاہتے ہیں اور بلوچ تو (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

ڈی جی آئی ایس پی آر کا لاہور کی تین جامعات کا دورہ

طلبہ اور اساتذہ کے ساتھ خصوصی نشستیں براہِ راست مکالمے کے اقدام کو سراہا

لاہور (آن لائن) ڈی جی آئی ایس پی آر نے لاہور کی تین بڑی جامعات کا دورہ کیا، جہاں طلبہ اور اساتذہ کے ساتھ خصوصی نشستوں کا اہتمام کیا گیا۔ ان نشستوں میں قومی و بین الاقوامی معاملات، خطے کی صورتحال اور امن و استحکام کے لیے پاک فوج کے کردار پر تفصیلی تباد (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

سعودی عرب کا ریاض اور جنوبی علاقوں کی جانب داغے گئے 2 کروز میزائل تباہ کرنے کا دعویٰ

ریاض (آن لائن) سعودی عرب کی قیادت میں یمن میں حوثی باغیوں کے خلاف سرگرم فوجی اتحاد نے دارالحکومت ریاض اور مملکت کے جنوبی علاقوں کی جانب داغے گئے 2 (باقی صفحہ 2 نمبر 22)



اتوار بازار میں لوگ سردی سے بچاؤ کے لئے کوٹ خرید رہے ہیں

آر ڈی ایم سی کا وینڈر ڈویلپمنٹ پروگرام، چاغی کے مقامی سپلائرز کی استعداد کار میں اضافے کیلئے اہم پیش رفت

نوکنڈی (آن لائن) ریکو ڈک مائننگ کمپنی (RDMC) نے اپنے وینڈر استعداد کار بڑھانے کے Vendor Capacity Building Program کا دوسرا مرحلہ کامیابی سے مکمل کر لیا ہے۔ اس اقدام کے ذریعے کمپنی نے مقامی کاروباری اداروں کی معاونت اور بلوچستان، بالخصوص ضلع چاغی کے سپلائرز کی ریکوڈک (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

علامہ محمد اقبال برصغیر کے عظیم مفکر، شاعر اور فلسفی تھے، سردارزادہ فیصل جمالی

نوجوان نسل کو علامہ اقبال کے فلسفے اور تعلیمات سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے، صوبائی وزیر لائیوسٹاک

علامہ اقبال کا تصور پاکستان ایک آزاد اور خودمختار وطن کے قیام کی بنیاد بنا ان کا پیغام آج بھی ہماری نوجوان نسل کیلئے مشعلِ راہ ہے

اوستہ محمد (آن لائن) صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے یوم اقبال کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

ہم نے ہر دور میں ڈکٹیٹر کے خلاف تحریک چلائی ہے، علی احمد کرد

جب عدالت پر شب خون مارا جائے گا تو کس طرح پیچھے ہٹ سکتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کرد ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جب بھی ملک میں کبھی بھی آئین اور جمہوریت کے لئے آواز اٹھانے کی ضر (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

سینیٹر کامران مرتضیٰ کا اصولی اور دوٹوک مقف قابلِ ستائش رہا ہے، بی این پی

بلوچستان میں جاری ناانصافیوں کے خلاف ایک توانا اور واضح آواز رہے ہیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، سینیٹر اور سینئر ایڈووکیٹ کامران مرتضیٰ کے گھر اور دفتر پر (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

شمولیت کا پہلا بڑا جلسہ 8 نومبر کو کوئٹہ میں ہوگا، جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری اور رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے اعلان کیا ہے کہ صوبے میں پارٹی کی شمولیتی مہم کا آغاز 8 نو (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

ایف سی بلوچستان امن و امان کے قیام کیساتھ عوامی خدمت میں بھی پیش

24 اضلاع میں 261 مفت خدمت مراکز قائم، 18 ہزار 341 سے زائد افراد نے مراکز سے استفادہ کیا

دور دراز علاقوں میں مقامی افراد اور مسافروں کو صاف پانی، ابتدائی طبی امداد اور بنیادی سہولیات بلا معاوضہ فراہم کی گئیں

کوئٹہ (آن لائن) ایف سی بلوچستان صوبے میں امن و امان کے قیام کے ساتھ ساتھ عوامی فلاح و بہبود کے لیے بھی سرگرم عمل ہے۔ اس سلسلے میں اکتوبر کے دوران بلوچستان کے 24 اضلاع میں 261 مفت خدمت مراکز قائم کیے گئے، جہاں مقامی آبادی اور مسافروں (باقی صفحہ 2 نمبر 14)



کوئٹہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق صوبائی صدر میر چنگیز خان جمالی سے سابق سینیٹر روزی خان کاکر ملاقات کر رہے ہیں

بلاول بھٹو کی ہندو برادری سمیت دنیا بھر میں دیوالی منانے والوں کو مبارکباد

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پاکستان کی ہندو برادری سمیت دنیا بھر میں دیوالی منانے والوں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہو (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل کی چوہدری شجاعت سے ملاقات

لاہور / کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل آج لاہور میں پاکستان مسلم لیگ (ق) کے سربراہ اور سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین کی رہائش گاہ پر گئے (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

نوشکی میں مختلف حادثات و واقعات میں ایک شخص جاں بحق 3 ساتھی زخمی

نوشکی (آن لائن) نوشکی میں مختلف حادثات و واقعات میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 3 ساتھی زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے مشکوک افراد پر فائرنگ، تاہم (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا آغاز آج سے ہوگا

راولپنڈی (آن لائن) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا آغاز آج 9 نومبر سے راولپنڈی میں ہوگا۔ دونوں ٹیمیں سیریز کے پہلے ٹیسٹ میں ر (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

پاکستان عالمی معدنیاتی کمپنیوں کی میزبانی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کیلئے تیار

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے اپنے وسیع معدنی ذخائر اور سرمایہ کاری کے امکانات کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے بین الاقوامی مائننگ کمپنیوں اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کی میزبانی کی تیاری کر لی

کچھی، بھاگ میں نامعلوم افراد کی جانب سے سٹی پولیس تھانے پر ڈرون حملہ کیا گیا

بھاگ (آن لائن) کچھی کے علاقے بھاگ میں نامعلوم افراد کی جانب سے سٹی پولیس تھانے پر ڈرون حملہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں تھانے کی عمارت کو جزوی نقصان پہنچا ہے

ڈاکٹر چنگیز احمد نے جامعہ کراچی میں اپنے پی ایچ ڈی مقالے کا کامیابی سے دفاع کیا

تربت (خ ن) جامعہ تربت کے شعبہ سیاسیات کے سربراہ ڈاکٹر چنگیز احمد نے جامعہ کراچی میں اپنے پی ایچ ڈی مقالے کا کامیابی سے دفاع کیا۔ ڈاکٹر چنگیز احمد نے اپنا تحقیقی مقالہ جامعہ کراچی کے شعبہ سیاسیات کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر محمد علی کی نگرانی میں مکمل کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

لورالائی، 3 گاڑیوں میں تصادم کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق 2 زخمی

کوئٹہ (آن لائن) لورالائی کے علاقے میں 3 گاڑیوں میں تصادم کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے ذرائع کے مطابق گزشتہ روز لورالائی کے علاقے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

راولپنڈی: نجی نیوز چینل کی پروگرام میزبان گھر میں مردہ پائی گئیں، گولی مار کر قتل کیے جانے کا انکشاف

راولپنڈی (آن لائن) اڈیالہ روڈ کے علاقے فشن آباد میں نجی نیوز چینل کی پروگرام میزبان رابعہ احسن گھر میں مردہ حالت میں پائی گئیں، ریسکیو ذرائع کے مطابق خاتون کو گولی مار کر قتل کیا گیا ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف منگل سے ترکیہ کے تین روزہ دورے پر روانہ ہوں گے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف منگل سے ترکیہ کا تین روزہ سرکاری دورہ کریں گے، جہاں وہ کوپ 21 ورلڈ لیڈرز سمٹ میں شرکت کے علاوہ ترک صدر اور دیگر عالمی رہنماؤں سے اہم ملاقاتیں کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کے دورہ ترکیہ کے دوران ترک صدر سے ہونے والی ملاقات میں پاکستان ا (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

انتشار پھیلانے والے عناصر تحریک آزادی کشمیر کو نقصان پہنچا رہے ہیں، وزیراعظم آزاد کشمیر


سیاحت کے فروغ کے لیے جامع منصوبہ بندی اور بے روزگاری کے خاتمے کا اعلان کر دیا

لیپہ ویلی (آن لائن) وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی نے کہا ہے کہ ایل او سی پر بسنے والے عوام کے عزم، حوصلے اور جذبے کو سلام پیش کرتے ہیں، بھارتی فوج لائن آف کنٹرول کے (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

خالد حسین مگسی کی 11 ویں تھل جیپ ریلی میں شرکت، ایڈونچر سیاحت کے فروغ پر زور

تھل جیپ ریلی پاکستان کے مثبت تشخص، مقامی ثقافت اور روایات کو اجاگر کرنے کا اہم ذریعہ ہے

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی خالد (باقی صفحہ 2 نمبر 13)



ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

علامہ اقبال کا پیغام خودشناسی

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کے 149ویں یومِ ولادت پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ علامہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں میں سیاسی شعور بیدار کیا اور انہیں اپنی جداگانہ قومی شناخت کا احساس دلایا، جس نے حصولِ وطن کی جدوجہد میں کلیدی کردار ادا کیا۔ یومِ اقبال، 9 نومبر 2026ء کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ علامہ اقبال اعلیٰ اوصاف کی حامل شخصیت اور عظیم فلسفی و مدبر تھے، جن کے افکار نوجوانوں اور آنے والی نسلوں کی ذہنی کشادگی اور فکری بالیدگی کا ذریعہ ہیں۔ مفکرِ اسلام کی حیثیت سے انہوں نے اسلامی تعلیمات کے فکری پہلوؤں کو موضوعِ بحث بنایا، جبکہ ان کے اسلامی افکار مسلمانوں کو عملی زندگی میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے اعلان کیا کہ حکومت علامہ اقبال کی ولادت کی 150ویں سالگرہ کی تقریبات کا آغاز کر رہی ہے، جو 9 نومبر 2027 تک جاری رہیں گی۔ اس سلسلے میں قومی اور بین الاقوامی سطح پر سال بھر خصوصی تقریبات منعقد کی جائیں گی، جن میں بین الاقوامی کانفرنسیں، علمی و تحقیقی مذاکرے، ادبی میلے، نمائشیں، تعلیمی مقابلے اور ثقافتی سرگرمیاں شامل ہوں گی۔ ان پروگراموں کا مقصد اقبال کے فکری ورثے کو نئی نسلوں تک منتقل کرنا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ حکومت اس عزم کے ساتھ کام کر رہی ہے کہ فکرِ اقبال کو تعلیمی اداروں، قومی مباحث اور ترقیاتی ترجیحات میں مؤثر مقام دیا جائے۔ فکری بیداری، کردار سازی اور اجتماعی احیائے نو کو قومی مقاصد کا لازمی حصہ بنانا وقت کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم کے مطابق علامہ اقبال کا تصورِ خودی افراد اور اقوام کو یہ سبق دیتا ہے کہ خودشناسی، بامقصد جدوجہد اور روحانی آزادی کے ذریعے ہی اپنی تقدیر بدلی جاسکتی ہے۔ اقبال کو نوجوان نسل پر غیر معمولی اعتماد تھا اور وہ اسے قوم کے مستقبل کا معمار سمجھتے تھے۔ ان کے تصورِ شاہین میں جرات، خودمختاری، بلند پروازی اور حصولِ کمال کا عزم نمایاں ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ فکرِ اقبال پائیدار قومی ترقی کے لیے امن، سماجی ہم آہنگی، رواداری اور انصاف کا پیغام دیتی ہے۔ علامہ اقبال کا فلسفۂ حیات نفرت، انتہاپسندی، فرقہ واریت اور امتیازی سلوک کی نفی کرتا ہے۔

بقیہ 01

احساس ذمہ داری کی روشن مثال قائم کر رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ یتیم بچوں کی کفالت اور تعلیم کی ذمہ داری اٹھانا محض ایک سماجی خدمت نہیں بلکہ عظیم انسانی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ کسی بچے کو محض وسائل کی کمی کے باعث تعلیم اور بہتر مستقبل کے مواقع سے محروم نہیں ہونا چاہیے۔ ریاست ایسے درد مند اور باہمت افراد کی حوصلہ افزائی کرے گی جو معاشرے کے محروم اور ضرورت مند طبقات کی بہتری کے لیے عملی کردار ادا کر رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بچوں کی تعلیم، تحفظ اور بہتر مستقبل کے لیے اینہ شفیع کی کوششوں میں حکومت بلوچستان اپنا کردار ادا کرے گی اور ان کے فلاحی مشن کے تسلسل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کے مخیر حضرات اور صاحبِ استطاعت افراد کو بھی چاہیے کہ وہ یتیم اور بے سہارا بچوں کی تعلیم، تربیت اور کفالت کے لیے آگے آئیں اور ان کی زندگیوں میں بہتری لانے کے لیے اپنا حصہ ڈالیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ایک بچے کی زندگی میں امید کا چراغ روشن کرنا درحقیقت پورے معاشرے کے مستقبل کو روشن کرنے کے مترادف ہے۔ حکومت بلوچستان معاشرے کے ایسے افراد کی حوصلہ افزائی جاری رکھے گی جو ذاتی مفاد سے بالاتر ہو کر محروم اور ضرورت مند بچوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کے لیے کوشاں ہیں

بقیہ 02

منظم نظریاتی اور متحرک تنظیم بنیادی حیثیت رکھتی ہے اکابرین نے جس قومی فکر سیاسی شعور اور جدوجہد کی بنیاد رکھی اس کے تسلسل اور ان کے ادھورے مشن کی تکمیل کے لیے ضروری ہے کہ کارکنان تنظیمی نظم و ضبط نظریاتی وابستگی اور باہمی اتحاد کو مقدم رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ 22 نومبر کو چمن میں شہدائے وطن شہید خان جیلانی خان اچکزئی اور شہید اسد خان اچکزئی کی برسی کے موقع پر منعقدہ جلسہ عام موجودہ سیاسی حالات کے تناظر میں انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا جس میں عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان کی شرکت جلسے کی سیاسی اور قومی اہمیت کو مزید اجاگر کرے گی تمام کارکنان اور ذمہ داران اپنی بھرپور شرکت یقینی بنائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے خان ہاس کوئٹہ میں عوامی نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کی کابینہ تمام تحصیلوں کے صدور جنرل سیکرٹریز سینئر نائب صدور اور خدائی خدمتگار آرگنائزیشن کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال امن و امان کے مسائل اور پارٹی کی آئندہ سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا جبکہ آل پارٹیز کی جانب سے 19 نومبر بروز جمعرات اعلان کردہ شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاجی مظاہرے سمیت 22 نومبر کو چمن میں شہدائے وطن کی برسی کے سلسلے میں منعقد ہونے والے جلسہ عام کے انتظامات اور تیاریوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس کے شرکا نے اس امر پر اتفاق کیا کہ موجودہ حالات میں سیاسی و جمہوری قوتوں کا مشترکہ کردار وقت کی اہم ضرورت ہے صوبے کو درپیش بدامنی عدم تحفظ سیاسی بے یقینی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے سیاسی جماعتوں اور جمہوری قوتوں کو مشترکہ جدوجہد اور مؤثر آواز بلند کرنا ہوگی اس سلسلے میں آل پارٹیز کی جانب سے اعلان کردہ شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاجی مظاہرے کو کامیاب بنانے کے لیے تنظیمی سطح پر بھرپور رابطہ مہم چلانے اور عوام کو متحرک کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا اصغر خان اچکزئی نے کہا کہ شہدا کی قربانیوں کو یاد کرنا دراصل ان کے نظریات افکار اور قومی جدوجہد سے تجدید عہد کرنا ہے شہید خان جیلانی خان اچکزئی اور شہید اسد خان اچکزئی کی قربانیاں پشتون قومی تحریک کی تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہیں ان کی جدوجہد اور قربانیوں نے قومی حقوق سیاسی آزادی امن اور جمہوری بالادستی کے لیے جدوجہد کرنے والوں کو ہمیشہ حوصلہ اور رہنمائی فراہم کی ہے انہوں نے کہا کہ شہدا کے مشن کو آگے بڑھانے کے لیے ضروری ہے کہ پارٹی کارکنان سیاسی طور پر باشعور تنظیمی طور پر مستعد اور نظریاتی طور پر مضبوط ہوں انہوں نے مزید کہا کہ 22 نومبر کو چمن میں منعقد ہونے والا جلسہ عام شہدا کے قومی و سیاسی افکار کی تجدید اور پشتون قومی تحریک کے ساتھ وابستگی کے اظہار کا ایک اہم موقع ہوگا مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان کی شرکت اس اجتماع کو مزید اہمیت دے گی لہٰذا ضلع کوئٹہ سمیت صوبے بھر کے کارکنان اور ذمہ داران جلسے میں بھرپور شرکت کے لیے ابھی سے اپنی تیاریاں مکمل کریں انہوں نے ضلعی کابینہ تحصیلوں کے عہدیداران اور خدائی خدمتگار آرگنائزیشن کے ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں تنظیمی اجلاسوں کارکنوں سے رابطوں اور عوامی رابطہ مہم کو تیز کریں دونوں پروگراموں کے حوالے سے دی گئی ذمہ داریوں کو بروقت مکمل کریں اور طے شدہ شیڈول کے مطابق تمام سرگرمیوں کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے اپنی تمام تر تنظیمی صلاحیتیں بروئے کار لائیں ایک منظم اور فعال تنظیم ہی قومی تحریک کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرتے ہوئے اکابرین کے متعین کردہ راستے پر آگے بڑھ سکتی ہے

بقیہ 03

جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی خطاب کریں گے، جبکہ ریٹائر ہونے والے جسٹس جمال خان مندوخیل بھی اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ اس موقع پر اٹارنی جنرل پاکستان منصور عثمان اعوان بھی فل کورٹ ریفرنس سے خطاب کریں گے۔ تقریب میں جسٹس جمال خان مندوخیل کی عدالتی خدمات اور سپریم کورٹ میں ان کے دور سے متعلق اظہار خیال کیا جائے گا۔

بقیہ 04

باہمی احترام، رواداری اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کے درمیان ہم آہنگی کو فروغ دینے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ اپنے ایک تہنیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتی برادریاں قومی معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور ملکی تعمیر و ترقی میں ان کی خدمات قابل قدر ہیں۔ ہندو برادری نے بھی پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، جسے قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور باہمی احترام ایک پرامن اور مضبوط معاشرے کی بنیادی اقدار ہیں۔ بلوچستان میں تمام شہریوں کو بلاامتیاز مذہب و عقیدہ مساوی حقوق اور مذہبی آزادی حاصل ہے جبکہ صوبائی حکومت اقلیتوں کے جان و مال، مذہبی آزادی اور بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دیوالی کا تہوار ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ نفرتوں اور تعصبات کو ختم کر کے محبت، برداشت اور بھائی چارے کو فروغ دیا جائے۔ انہوں نے ہندو برادری کے لیے خوشیوں، سلامتی، ترقی اور کامیابیوں کی نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ تہوار معاشرے میں امن، ہم آہنگی اور خوشحالی کے جذبے کو مزید مستحکم کرنے کا باعث بنے گا۔

بقیہ 05

و کیا، جبکہ مہنگائی میں کمی اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے امور بھی زیر بحث آئے۔ ملاقات میں ملک کی داخلی اور خارجی سیکیورٹی صورتحال پر بھی گفتگو کی گئی، جبکہ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ اختلافات کا معاملہ بھی زیر غور آیا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں اس بات پر مکمل اتفاق کیا گیا کہ حکومت کی بنیادی ترجیح مہنگائی کی شرح میں مزید کمی اور بالخصوص غریب طبقے کو ایسا ریلیف فراہم کرنا ہے جو عوام کو عملی طور پر محسوس ہو۔ اس موقع پر نواز شریف نے وزیراعظم شہباز شریف کو معاشی استحکام کے لیے جاری اقدامات مزید تیز کرنے اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 06

نقصان کی اطلاع نہیں ملی تفصیلات کے مطابق تونسہ میں آرسی ڈی شاہراہ چھترائی کے مقام پر کار موٹر حادثے کا شکار رہی جس میں بی این پی کلی غریب آباد کے رہنماء ٹھیکیدار میر جعفر خان مینگل جان بحق جبکہ تین ساتھی زخمی ہوگئے جبکہ دوسرے واقعہ میں پولیس نے مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو نہ رکنے پر فائرنگ کردی، مشکوک افراد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ فائرنگ سے کسی قسم کے نقصان کا اطلاع نہ ملی۔

بقیہ 07

اولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں مدمقابل ہوں گی، جبکہ دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 17 سے 21 نومبر تک لاہور میں کھیلا جائے گا۔ پاکستانی ٹیم کی قیادت بابر اعظم کریں گے، جبکہ سری لنکن ٹیم کی کپتانی کوشال مینڈس کے سپرد ہے۔ پاکستان نے سیریز سے قبل ہفتے کے روز راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں تربیتی سیشن میں حصہ لیا، تاہم قومی ٹیم آج مکمل آرام کرے گی۔ قومی ٹیم حالیہ محدود اوورز کی کرکٹ میں کامیابیوں کے بعد ٹیسٹ سیریز میں بھی اچھی کارکردگی دکھانے کے لیے پرعزم ہے۔ پاکستان نے سری لنکا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز 1-2 سے جیتی، جبکہ انگلینڈ اور سری لنکا پر مشتمل ایک روزہ بین الاقوامی سہ فریقی سیریز بھی اپنے نام کی تھی۔ دوسری جانب سری لنکن ٹیم تین روزہ پریکٹس میچ میں پاکستان کرکٹ بورڈ پیٹرنز الیون کو شکست دے کر ٹیسٹ سیریز کی تیاری مکمل کر چکی ہے۔ یہ میچ اسلام آباد میں کھیلا گیا تھا، جس میں سری لنکا نے 142 رنز سے کامیابی حاصل کی۔ ٹیسٹ کرکٹ میں دونوں ٹیموں کے باہمی ریکارڈ پر نظر ڈالی جائے تو پاکستان کو برتری حاصل ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان اب تک کھیلے گئے 59 ٹیسٹ میچوں میں پاکستان نے 23 جبکہ سری لنکا نے 19 میچوں میں کامیابی حاصل کی، 17 مقابلے ڈرا ہوئے۔ پاکستان کے ٹیسٹ کپتان بابر اعظم کا کہنا ہے کہ قومی ٹیم نئے کھلاڑیوں اور نوجوان صلاحیتوں کے ساتھ میدان میں اترے گی اور ہوم گراؤنڈ پر ٹیسٹ میچز جیتنے کے لیے پرعزم ہے۔ سری لنکن کپتان کوشال مینڈس نے کہا کہ بطور ٹیسٹ کپتان اپنے دورہ کا آغاز کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہے ہیں۔ ٹیسٹ کرکٹ صبر کا امتحان ہوتی ہے اور انہیں امید ہے کہ ان کی ٹیم سیریز میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان یہ سیریز عالمی ٹیسٹ چیمپئن شپ 2025-27 کا حصہ ہے، جس کے باعث دونوں مقابلوں کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔

بقیہ 08

اور تربیت کے معیار کو سراہا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ آج کی شاندار پریڈ نے ثابت کیا ہے کہ تمام جوان متحد، منظم اور اپنے مشن کی انجام دہی کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔ جوانوں کی کارکردگی نہ صرف ان کی عملی تربیت کی عکاسی کرتی ہے بلکہ ان کے عزم، حوصلے اور ملک کی خدمت کے جذبے کو بھی واضح کرتی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ پاس آؤٹ ہونے والے جوان فیڈرل کانسٹیبلری میں آنے والی بڑی تبدیلی کے عملی نمائندے ہیں اور اس نئے دور کے پہلے سپاہی ہیں۔ یہ نیا دور ذمہ داری، واضح سمت، جدید تقاضوں اور قومی خدمت کے نئے جذبے پر مبنی ہے۔ ان کے بقول ان اصلاحات کو عملی شکل دینے میں جوانوں کا کردار اور رویہ بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ فیڈرل کانسٹیبلری، جو پہلے فرنٹیئر کانسٹیبلری کے نام سے جانی جاتی تھی، ایک صدی سے زیادہ پرانی تاریخ رکھنے والی فورس ہے۔ یہ ادارہ اپنے ورثے، روایات اور کردار کی وجہ سے ہمیشہ نمایاں رہا ہے اور بدلتے ہوئے ملکی حالات اور سیکیورٹی چیلنجز کے مطابق خود کو ڈھالتا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیڈرل کانسٹیبلری دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں، سرکاری تنصیبات کی حفاظت، قومی منصوبوں کی سکیورٹی اور امن و امان برقرار رکھنے کی ذمہ داریوں میں ہمیشہ صف اول میں رہی ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ ہو، سرکاری تنصیبات کا تحفظ یا مشکل حالات میں امن و امان کی بحالی، اس فورس نے ثابت قدمی، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے بتایا کہ جوانوں کی تربیت اور سہولیات میں بہتری کے لیے وزارت داخلہ نے عملی اقدامات کیے ہیں۔ ایف سی ٹریننگ اکیڈمی شبقدر میں 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے، جبکہ جدید سوئمنگ پول کی منظوری بھی دی جاچکی ہے۔ اس کے علاوہ جوانوں کو عربی اور انگریزی زبانوں کے کورسز بھی کروائے گئے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ پاس آؤٹ ہونے والے جوان پہلی مرتبہ وفاقی حکومت کے لیے اسپیشل پروٹیکشن ونگ اور اینٹی رائٹ ونگ کا حصہ بن رہے ہیں، جو ان کے لیے ایک تاریخی ذمہ داری ہے۔ ان کی پیشہ ورانہ صلاحیت، تحمل، نظم و ضبط اور فیصلہ سازی کا معیار حساس حالات میں امن و امان برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جوانوں کا ہر عمل ریاست کے وقار، قانون کی بالادستی اور عوام کے اعتماد کی نمائندگی کرے گا۔ انہیں یقین ہے کہ تمام جوان اپنی ذمہ داریوں پر پورا اتریں گے اور ملک کی خدمت میں بھرپور کردار ادا کریں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے انسپکٹر جنرل فیڈرل کانسٹیبلری اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آج کی شاندار پریڈ اور جوانوں کی اعلیٰ تربیت ان کی محنت، قیادت اور لگن کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ محسن نقوی نے پاس آؤٹ ہونے والے تمام جوانوں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ عزت، ایمانداری اور ذمہ داری کے ساتھ ملک کی خدمت کریں، پاکستان کو اپنے جوانوں پر فخر ہے

بقیہ 09

،فیکلٹی آف سوشل سائنسز کے ڈین ڈاکٹر محمد طاہر حکیم، اساتذہ اور انتظامی عملے نے ڈاکٹر چنگیز احمد کو اس شاندار کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی۔ وائس چانسلر نے اسے جامعہ تربت کے لیے ایک اہم کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر چنگیز احمد کی یہ کامیابی اس بات کی عکاس ہے کہ جامعہ تربت کے اساتذہ محنت، لگن اور علمی جستجو کے جذبے سے سرشار ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس کامیابی سے جامعہ تربت میں معیاری تحقیقی سرگرمیوں کو مزید فروغ ملے گا۔

بقیہ 10

گلی در لئی زنگیل پہاڑ کے قریب پیٹرول سے لوڈ 2 پروڈکس اور ایک کار میں تصادم کے نتیجے میں گاڑیوں میں آگ بھڑک اٹھی جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 11

ور ترکیہ کے دو طرفہ تعلقات، مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ اور باہمی وفاقی اشتراک سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف سمٹ کے موقع پر دیگر عالمی رہنماؤں سے بھی ملاقاتیں کریں گے، جن میں باہمی دلچسپی کے امور اور عالمی سطح پر تعاون کے امکانات زیر بحث آئیں گے۔ وزیراعظم کا یہ تین روزہ دورہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون آگے بڑھانے کے تناظر میں اہمیت کا حامل ہے۔

بقیہ 12

عوام کی ہمت اور حوصلے کو سرد نہیں کر سکتی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں امن برقرار رکھنے کے لیے انتشار پھیلانے والے عناصر کی حوصلہ شکنی کرنا ہوگی، کیونکہ ایسے عناصر تحریک آزادی کشمیر کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ وادی لیپہ میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ اگر ہم ریاست میں امن چاہتے ہیں تو انتشار پسند عناصر کو اپنی صفوں سے باہر نکالنا ہوگا۔ بدقسمتی سے انتشار پھیلانے والے عناصر ہماری صفوں میں شامل ہو چکے ہیں، جنہیں پہچاننے کی ضرورت ہے۔ ان کے بقول ایسے عناصر اپنے مقاصد اور مفادات کے لیے سرگرم ہیں اور اپنی دکانیں چمکانا چاہتے ہیں۔ افتخار گیلانی نے کہا کہ مطالبات اپنی جگہ اہم ہیں، تاہم ان کے لیے اختیار کیا جانے والا طریقہ کار قابل غور ہے۔ ایسی گفتگو اور طرز عمل سے گریز کرنا چاہیے جس سے انتشار کو ہوا ملے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تحریک آزادی کشمیر کو نقصان پہنچانے والے عناصر کی حوصلہ شکنی ضروری ہے۔ وزیراعظم نے ایل او سی پر دفاعِ وطن کے لیے موجود افواج پاکستان کے جوانوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ لائن آف کنٹرول پر رہنے والے عوام نے جس عزم اور حوصلے کا مظاہرہ کیا ہے، وہ قابل تحسین ہے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ وادی لیپہ قدرتی حسن سے مالا مال ہے اور لوگ اس کی خوبصورتی دیکھنا چاہتے ہیں۔ حکومت علاقے میں سیاحت کے فروغ کے لیے کنسلٹنٹ کی خدمات حاصل کر کے جامع منصوبہ بندی کرے گی۔ انہوں نے مقامی عوام پر زور دیا کہ وہ سیاحت کے فروغ کے لیے قابل عمل تجاویز اور منصوبے پیش کریں تاکہ ایسے ترقیاتی منصوبے شروع کیے جاسکیں جن سے لیپہ کے لوگوں کو باعزت روزگار ملے۔ انہوں نے کہا کہ علاقے سے بے روزگاری کا خاتمہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، جبکہ سڑکوں سمیت بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ آنے والے دنوں میں لیپہ کے لیے متعدد ترقیاتی منصوبے پیش کیے جائیں گے۔ افتخار گیلانی نے کہا کہ حکومت کا مقصد لیپہ کے بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے بہترین مواقع فراہم کرنا ہے۔ مالی مشکلات کے باعث اعلیٰ تعلیم حاصل نہ کر پانے والے بچوں کو پاکستان کی بہترین جامعات میں تعلیم دلائی جائے گی۔ اس مقصد کے لیے انہیں معیاری سرکاری اور اعلیٰ نجی جامعات میں تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم کے ساتھ بہتر مواقع اور وسیع تجربہ فراہم کرنا بھی ضروری ہے۔ حکومت مرحلہ وار تمام بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یوز) اور دیہی مراکز صحت (آر ایچ سیز) کو بھی اپ گریڈ کرے گی۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے اعلان کیا کہ آئندہ تین ماہ کے دوران تھرڈ پارٹی کے ذریعے سرکاری ملازمتوں پر بھرتیوں کا عمل شروع کردیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر ایک پُرامن ریاست ہے اور امن، عزت اور احترام یہاں کے عوام کی میراث ہیں۔ ریاست کو ترقی کی راہ پر آگے لے جانے کے لیے سب کو متحد ہو کر کام کرنا ہوگا۔ حکومت کا مقصد ریاست کے بچوں کے روشن مستقبل کے لیے اقدامات کرنا ہے۔ عوام حکومت کو کچھ وقت دیں، ریاست میں واضح تبدیلی نظر آئے گی۔ افتخار گیلانی نے کہا کہ بیس کیمپ حکومت کا بنیادی مقصد اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کے حق خودارادیت کا حصول ہے۔ کشمیری عوام کو استصواب رائے کے ذریعے اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق ملنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری استصواب رائے کے ذریعے اسلام آباد کے حق میں ووٹ دے کر پاکستان کی تکمیل کریں گے۔

بقیہ 13

حسین مگسی نے 11ویں تھل جیپ ریلی میں شرکت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ مقابلہ پاکستان میں مہماتی سیاحت کے فروغ اور ملک کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے خالد حسین مگسی نے کہا کہ پاکستان قدرتی حسن، ثقافتی ورثے اور سیاحتی مقامات سے مالا مال ملک ہے، جہاں سیاحت کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ تھل جیپ ریلی جیسے مقابلے نہ صرف پاکستان کا مثبت تشخص دنیا کے سامنے پیش کرتے ہیں بلکہ مقامی ثقافت اور روایات کو اجاگر کرنے کا بھی بہترین ذریعہ ہیں۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ ایسے مقابلوں سے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع ملتے ہیں، جبکہ مہماتی سیاحت کے فروغ سے مقامی معیشت اور کاروباری سرگرمیوں کو بھی تقویت ملتی ہے۔ تھل جیپ ریلی میں ملک بھر سے ریسرز اور شائقین کی شرکت خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سیاحت کو فروغ دینے کے لیے قومی اور بین الاقوامی سطح کے ایسے مقابلوں اور تقریبات کا انعقاد ضروری ہے۔ کھیلوں اور سیاحتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے سرکاری اور نجی شعبے کا اشتراک بھی اہمیت رکھتا ہے۔ خالد حسین مگسی نے تھل جیپ ریلی کے انعقاد پر حکومت پنجاب اور ضلعی انتظامیہ کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ مقابلہ پاکستان کے سیاحتی کیلنڈر میں اہم مقام رکھتا ہے اور ملک کے مختلف علاقوں میں سیاحتی سرگرمیوں کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 14

کو بنیادی سہولیات فراہم کی گئیں۔ ایف سی بلوچستان کی جانب سے قائم کیے گئے ان مراکز میں کوہلو، مرغہ فقیر زئی، قلعہ سیف اللہ، ڈیرہ بگٹی، بادینی اور پشین سمیت صوبے کے مختلف علاقوں کو شامل کیا گیا۔ ان مراکز کا مقصد بالخصوص دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں رہنے والے افراد اور وہاں سے گزرنے والے مسافروں کو ضروری سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا تھا۔ خدمت مراکز میں شہریوں اور مسافروں کو صاف پینے کا پانی، ابتدائی طبی امداد اور دیگر بنیادی سہولیات بلا معاوضہ فراہم کی گئیں۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق اکتوبر کے دوران 18 ہزار 341 سے زائد مقامی افراد اور مسافروں نے ان مراکز سے استفادہ کیا۔ ایف سی بلوچستان کی جانب سے صوبے کے دور افتادہ علاقوں میں ایسے خدمت مراکز کا قیام عوامی فلاح، خدمت اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے جذبے کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ اقدامات امن و امان کی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ عوامی خدمت کے لیے فورس کی سرگرمیوں کو بھی نمایاں کرتے ہیں۔

بقیہ 15

مبر سے کیا جا رہا ہے، جس کے تحت 14 نومبر تک مختلف علاقوں میں شمولیتی تقریبات اور بڑے عوامی اجتماعات منعقد کیے جائیں گے۔ پارٹی کے سینئر ساتھیوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) بلوچستان میں اپنی سیاسی سرگرمیوں اور عوامی رابطہ مہم کو مزید فعال بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ شمولیتی پروگراموں کا پہلا بڑا جلسہ اتوار 8 نومبر کو دوپہر 2 بجے میلاک ہال، گلستان روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوگا، جس میں مختلف سیاسی و سماجی شخصیات اور دیگر افراد مسلم لیگ (ن) میں شمولیت اختیار کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ جلسے سے اسپیکر قومی اسمبلی سردار محمد ایاز صادق ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کریں گے، جبکہ صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ، صوبائی وزرا، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین صوبائی اسمبلی بھی اظہار خیال کریں گے۔ جمال شاہ کاکڑ کے مطابق 8 نومبر کے جلسے کے بعد 9 سے 14 نومبر تک صوبے کے مختلف علاقوں میں مسلسل شمولیتی تقریبات اور بڑے عوامی اجتماعات منعقد کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اکتوبر کے دوران بھی مسلم لیگ (ن) بلوچستان نے شمولیتی تقریبات اور جلسوں کے حوالے سے سرگرمیاں جاری رکھیں اور نومبر میں اس سلسلے کو مزید آگے بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو اکثر نوگو ایریا قرار دیا جاتا ہے، تاہم مسلم لیگ (ن) کی مسلسل سیاسی سرگرمیاں اور شمولیتی پروگرام اس بات کا ثبوت ہیں کہ جماعت مشکل حالات میں بھی عوام کے درمیان موجود ہے۔ ان کے بقول پارٹی میں شمولیت کے خواہش مند افراد کی دلچسپی قیادت اور پالیسیوں پر اعتماد کی عکاسی کرتی ہے۔ جمال شاہ کاکڑ نے پارٹی کے تمام تنظیمی عہدیداروں، کوئٹہ ڈویژن، ضلع کوئٹہ، سٹی کوئٹہ، تمام ٹاؤنز، مختلف ونگز، صوبے کے دیگر اضلاع سے کوئٹہ میں موجود عہدیداروں، سینئر رہنماؤں اور کارکنوں کو ہدایت کی کہ وہ جلسے میں بھرپور شرکت یقینی بنائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلسل شمولیتی پروگراموں کے ذریعے مسلم لیگ (ن) کو صوبے بھر میں مزید فعال اور منظم بنانے کے ساتھ عوامی رابطوں کو بھی مضبوط کیا جائے گا۔

بقیہ 16

چھاپوں، چادر و چار دیواری کے تقدس کی پامالی، اذربجی میں ان کے بھائی کی دکان سیل کرنے اور ان کے بھائی کو بلوچستان یونیورسٹی میں مختلف حیلے بہانوں سے ہراساں کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدامات سیاسی انتقام اور بنیادی انسانی و جمہوری حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہیں۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ ہمیشہ بلوچستان اور بلوچ عوام کے اجتماعی قومی مسائل بالخصوص لاپتہ افراد کی بازیابی، انسانی حقوق کی پامالی اور بلوچستان میں جاری ناانصافیوں کے خلاف ایک توانا اور واضح آواز رہے ہیں۔ ان کا اصولی اور دوٹوک مؤقف قابل ستائش رہا ہے۔ وہ اپنے مؤقف پر ثابت قدم رہنے کے ساتھ ساتھ اپنے پارٹی قائد مولانا فضل الرحمٰن کے ساتھ بھی مضبوطی سے کھڑے ہیں مگر اب انہیں سیاسی انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا جا رہا ہے اور ان کے اہل خانہ کو بھی ہراساں کرکے ذہنی اذیت سے دوچار کیا جا رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ فارم 47 کے حکمران سیاسی اختلاف اور حقیقی جمہوری آوازوں کو برداشت کرنے کے بجائے بوکھلاہٹ کا شکار ہیں۔ بلوچستان میں سیاسی رہنماؤں اور قومی حقوق کی آواز بلند کرنے والوں کے خلاف انتقامی کارروائیاں معمول بن چکی ہیں۔ ایسے اوچھے ہتھکنڈوں سے نہ سیاسی قیادت کو خوفزدہ کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی عوام کی آواز دبائی جاسکتی ہے۔ بلوچستان نیشنل پارٹی مطالبہ کرتی ہے کہ سینیٹر کامران مرتضیٰ اور ان کے اہل خانہ کو ہراساں کرنے کا سلسلہ فوری بند کیا جائے غیر قانونی اقدامات واپس لیے جائیں اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔ بلوچستان کے عوام اپنے قومی اور جمہوری حقوق کے دفاع کے لیے متحد ہیں اور جبر دباؤ اور سیاسی انتقام کے ذریعے ان کی آواز خاموش نہیں کی جاسکتی۔

بقیہ 17

ورت ہوئی تو صرف وکلا سامنے آئے سیاسی جماعتیں ہمیشہ پیچھے ہی رہی ہیں، ہم نے ہر دور میں ڈکٹیٹر کے خلاف تحریک چلائی ہے، جب عدالت پر شب خون مارا جائے گا تو کس طرح پیچھے ہٹ سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ ڈسٹرکٹ کورٹ میں مختلف وکلاء تنظیموں کے سینئر رہنماؤں کے ہمراہ جمعیت علماء اسلام کے سینیٹر کامران مرتضیٰ ایڈووکیٹ کی حمایت میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ظہور شاہوانی ایڈووکیٹ، حبیب اللہ ناصر ایڈووکیٹ، راحب بلیدی ایڈووکیٹ، عمران علوی ایڈووکیٹ، ولی خان ناصر ایڈووکیٹ، عدنان ایڈووکیٹ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ کامران مرتضیٰ پر الزام لگایا جا رہا ہے کہ وہ پاکستانی نہیں بلکہ افغان شہری ہے جو غلط ہے، دوسروں کی مرضی پر وکلا نہیں چل سکتے، کامران مرتضیٰ کے بھائی کی دکان کو سیل کردیا گیا ہے جو ناجائز اقدام ہے، کونسی جگہ ہے جہاں ظلم نہیں ہو رہا ہے، علی احمد کرد ایڈووکیٹ نے کہا کہ کے پی کے میں بلا جواز گورنر راج نافذ کیا گیا لوگوں پر زندگی تنگ کی جا رہی ہے، قانون کی حد میں رہ کر کام کیا جائے، ہم احتجاج اور مزاحمت بھی کریں گے، ہماری نظر میں سپریم کورٹ اور وفاقی آئینی عدالت کی کوئی اہمیت نہیں ایک میں آفریدی اور دوسری میں امین الدین بیٹھا ہے، بلوچستان کے لئے آواز اٹھانے والوں کے ساتھ ہیں، حق کی آواز کو نہیں دبایا جاسکتا، اڈیالہ جیل کے قیدیوں میں اکثریت پی ٹی آئی کے کارکنوں کی ہے، حکومت کے خلاف طاقت و مزاحمت ہو رہی ہے، پارلیمنٹ کی حقیقی حیثیت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کامران مرتضیٰ ایڈووکیٹ نے ہمیشہ حق کی بات کی ہے وہ اکیلا نہیں ہے، وکلاء کی بڑی تعداد ان کے ساتھ ہے، وکلاء کی طاقت صبح ہی دکھا دیں گے مگر ملکی حالات کی وجہ سے خاموش ہیں، حکومت اوچھے ہتھکنڈے چھوڑ دے، ملک میں قانون و آئین کی بالادستی چاہتے ہیں، ملک میں امن قائم کیا جائے تو لوگ ملک و جمہوریت کے لئے مثبت سوچیں گے۔ سینئر ایڈووکیٹ ظہور احمد شاہوانی کا کہنا تھا کہ بار اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں، وکلا کے گھروں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں، ان مسائل سے نمٹنے کے لئے باقاعدہ سنجیدہ بات چیت ہونی چاہیے، قانونی طریقے سے مسائل حل کئے جائیں، راحب بلیدی ایڈووکیٹ نے کہا کہ پاکستان جمہوری ملک ہے، پارلیمنٹ میں بیٹھ کر کامران مرتضیٰ ایڈووکیٹ نے ہر حوالے سے بات کی ہے، ملک میں آئین اور جمہوریت پر یقین رکھتے ہیں، کسی کا منہ بند نہیں کرایا جاسکے گا، آج عدالت اور پارلیمنٹ سمیت تمام اداروں پر قدغن لگائی جا رہی ہے، پاکستان میں عملاً آئین معطل ہے۔ خلیل الرحمٰن ایڈووکیٹ نے کہا کہ جب بھی جمہوریت پر شب خون مارا گیا تو وکلا متحرک ہوئے، وکلا کے عزت و وقار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، کامران مرتضیٰ کا وکلاء برادری اور سیاست میں ایک مقام ہے، اب مزید وکلا کی آواز نہیں دبائی جاسکتی ہے حبیب ناصر ایڈووکیٹ نے کہا کہ کامران مرتضیٰ ایڈووکیٹ پاکستان کے وکلاء رہنما ہیں اور وہ سینیٹ میں بلوچستان کی بات کر رہے ہیں، وکلاء کا ریاست سے نقطہ نظر کا اختلاف ہے، بات کرنے دی جائے، اب وکلاء کا گھر، چیمبر اور نائی محفوظ نہیں رہی۔ کامران مرتضیٰ کے خلاف کارروائی تمام وکلاء کے خلاف تصور کی جائے گی، وکلاء مذمت کے ساتھ مزاحمت کے لئے بھی تیار ہیں۔

بقیہ 18

جہاں انہوں نے ان کی خیریت دریافت کی۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے چوہدری شجاعت حسین کی جلد اور مکمل صحتیابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ چوہدری شجاعت حسین ملک کے سینئر سیاسی رہنما ہیں اور انکی صحت وتندرستی زیادہ ضروری ہے۔ انہوں نے انکی صحتیابی اور تندرستی کیلئے بھی دعا کی۔

بقیہ 19

کے ان کے لیے خوشیوں، امن، محبت اور خوشحالی کی نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ دیوالی کے موقع پر اپنے تہنیتی پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ دیوالی کا ہر روشن دیا امن، امید، محبت اور روشنی کا پیغام دیتا ہے، جبکہ اس تہوار کی روشنی مذہب، رنگ اور نسل کی تفریق سے بالاتر ہو کر ہر دل اور ہر آنگن کو منور کرتی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ ہندو برادری پاکستان کا اٹوٹ حصہ ہے اور قومی تعمیر و ترقی میں اس کا کردار انمول ہے۔ ہماری خوشیاں اور غم سانجھے ہیں، جبکہ پاکستان کی تمام برادریاں ہماری قومی زندگی کا لازمی حصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کے متفقہ آئین کے تحت تمام غیر مسلم شہری مساوی حقوق اور مواقع کے حقدار ہیں۔ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے بھی اقلیتوں کو قومی فیصلہ سازی میں مؤثر کردار دلانے کے لیے جدوجہد کی۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری کے اقدام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ 11 ستمبر کو قومی اقلیتی دن قرار دے کر اقلیتوں کی خدمات کو اجاگر کیا گیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی تمام اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے پرعزم ہے۔ اپنے پیغام کے اختتام پر انہوں نے دعا کی کہ لوگوں کی زندگیوں میں خوشیوں کے دیے ہمیشہ روشن رہیں اور ہر آنگن امن، محبت اور خوشحالی سے جگمگاتا رہے۔

بقیہ 20

کہ علامہ محمد اقبال برصغیر کے عظیم مفکر، شاعر اور فلسفی تھے، جنہوں نے اپنی شاعری اور فکر کے ذریعے مسلمانوں میں خودی، اتحاد، بیداری اور آزادی کا شعور پیدا کیا۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال کا تصور پاکستان ایک آزاد اور خودمختار وطن کے قیام کی بنیاد بنا۔ ان کا پیغام آج بھی ہماری نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے۔ ہمیں اقبال کے افکار، خودی، محنت، دیانت داری اور علم کے حصول کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنانا چاہیے۔ صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل خان جمالی نے مزید کہا کہ نوجوان نسل کو علامہ اقبال کے فلسفے اور تعلیمات سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ ایک مضبوط، تعلیم یافتہ اور ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر ممکن ہوسکے۔

بقیہ 21

منصوبے سے وابستہ کاروباری مواقع میں شمولیت بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ تین روزہ تربیتی پروگرام میں کرتاک، نوکنڈی، سینڈک، دالبندین اور یک مچ سے تعلق رکھنے والی 13 کمپنیوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ شرکاء کو آر ڈی ایم سی کے شعبہ خریداری کے طریقہ کار، اریبا نیٹ ورک (Ariba Network) کے ذریعے سپلائرز کی رجسٹریشن، درخواست برائے نرخ (RFQ) کے طریقہ کار، بولی کی تیاری، تکنیکی تفصیلات، رسد و ترسیل، ٹیکسز، بلنگ اور ادائیگی کے تقاضوں سے متعلق عملی تربیت فراہم کی گئی۔ آر ڈی ایم سی کی پروکیورمنٹ ٹیم کی زیر نگرانی منعقد ہونے والے اس پروگرام کے شرکاء کو عملی سرگرمیوں، اریبا ایپ کے ذریعے آن لائن رجسٹریشن، کاروباری ترقی کی منصوبہ بندی اور کاروباری سرگرمیوں میں موجود خامیوں کی نشاندہی اور ان کے حل کے حوالے سے معلومات فراہم کی گئیں۔ شرکاء کو پروکیورمنٹ کے ماہرین کے ساتھ براہ راست تبادلہ خیال کا موقع بھی فراہم کیا گیا، جس سے انہیں سپلائرز کے لیے آر ڈی ایم سی کے مقرر کردہ معیارات اور توقعات کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد ملی۔ تربیتی پروگرام میں شریک ایک وینڈر نے کہا، ''اس تربیت کے ذریعے مقامی کاروباری افراد کو مفید معلومات حاصل ہوئی ہیں اور خریداری کے طریقہ کار اور اس سے متعلق تقاضوں کو سمجھنے میں مدد ملی ہے۔ اس طرح کے اقدامات ہماری صلاحیتوں کو بہتر بنانے، مسابقتی حیثیت مضبوط کرنے اور مستقبل کے کاروباری مواقع کے لیے بہتر تیاری میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ ہم مقامی کاروباری اداروں کی معاونت اور چاغی کی معاشی ترقی میں کردار ادا کرنے کے لیے آر ڈی ایم سی کی مسلسل کوششوں کو سراہتے ہیں۔'' آر ڈی ایم سی مقامی سپلائرز کا ایک باصلاحیت اور مسابقتی نیٹ ورک تشکیل دینے کے لیے پرعزم ہے۔ کاروباری اداروں کو خریداری کے تقاضوں سے بہتر طور پر آگاہ کرنے اور ان کی صلاحیتوں میں اضافے کے ذریعے ریکو ڈک منصوبے میں مقامی کاروباری اداروں کی شمولیت کے مزید مواقع پیدا کر رہی ہے، جبکہ خطے کی طویل مدتی معاشی ترقی اور خوشحالی میں بھی اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ تین روزہ تربیتی ورکشاپ مکمل کرنے پر تمام شرکاء میں تعارفی اسناد بھی تقسیم کی گئیں۔ ریکو ڈک بلوچستان کے ضلع چاغی میں واقع تانبے اور سونے کی ایک عالمی معیار کی کان ہے، جس کی تیاری اور تعمیر جاری ہے۔ دنیا کے سب سے بڑے غیر ترقی یافتہ تانبے اور سونے کے منصوبوں میں شمار ہونے والے ریکو ڈک منصوبے میں بیرک (Barrick) کی 50 فیصد، تین وفاقی سرکاری اداروں کی مجموعی طور پر 25 فیصد، صوبہ بلوچستان کی 15 فیصد (مکمل مالی معاونت کے ساتھ) اور صوبہ بلوچستان کی مزید 10 فیصد (بلا معاوضہ شراکت داری کی بنیاد پر) ملکیت ہے۔ ریکو ڈک منصوبے سے توقع ہے کہ یہ کم از کم 37 سال تک ٹرک اور شاول کے ذریعے کھلے گڑھے میں کان کنی (Open Pit Mining) کے طور پر کام کرے گا، جہاں پراسیسنگ کی سہولیات کے ذریعے اعلیٰ معیار کا تانبا اور سونے کا کنسنٹریٹ تیار کیا جائے گا۔ منصوبے کی تعمیر دو مراحل میں مکمل کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے، جن کی مجموعی پراسیسنگ صلاحیت سالانہ 90 ملین ٹن ہوگی۔ ریکو ڈک منصوبہ پاکستان کی معیشت میں اہم کردار ادا کرے گا اور بلوچستان کی ترقی پر دوررس اور مثبت اثرات مرتب کرنے کی توقع ہے۔ معاشی فوائد کے علاوہ یہ منصوبہ روزگار کے مواقع پیدا کرے گا، علاقائی معیشت کے فروغ میں معاون ثابت ہوگا اور سماجی ترقی کے مختلف پروگراموں میں سرمایہ کاری کرے گا۔

بقیہ 22

کروز میزائل تباہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ فوجی اتحاد کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران یہ دوسرا میزائل حملہ تھا جسے ناکام بنایا گیا۔ اس سے قبل اتحاد نے ریاض کی جانب داغے گئے 2 بیلسٹک میزائل بھی فضا میں تباہ کرنے کا دعویٰ کیا تھا، جس کے بعد سعودی دارالحکومت میں زوردار دھماکوں کی آوازیں سنی گئی تھیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق دھماکوں سے کچھ دیر قبل سعودی سول ڈیفنس نے ریاض کے علاقے میں ہنگامی انتباہ جاری کیا تھا، تاہم بعد ازاں حکام نے اعلان کیا کہ خطرے کی صورتحال ختم ہوگئی ہے۔ یہ میزائل حملے ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں جب اس سے ایک روز قبل حوثیوں کے زیر انتظام یمن کی وزارت صحت نے دعویٰ کیا تھا کہ سعودی فضائی حملوں میں کم از کم 33 افراد ہلاک اور 39 زخمی ہوئے ہیں۔ حوثیوں کے زیر انتظام سرکاری خبر رساں ادارے 'صبا' کے مطابق فضائی حملوں میں دارالحکومت صنعاء کے مشرق میں واقع حوثیوں کے مضبوط گڑھ بنی حشیش کے ایک قصبے میں گھروں کو نشانہ بنایا گیا۔ ادارے نے دعویٰ کیا کہ ہلاک ہونے والوں میں زیادہ تر خواتین اور بچے شامل ہیں۔ صنعاء کے صحتونہ اسپتال کے ڈائریکٹر عبدالعزیز الدیلمی نے رائٹرز کو بتایا کہ متعدد متاثرین اب بھی ملبے تلے دبے ہوئے ہیں، جن میں امدادی کارکن بھی شامل ہیں۔ ان کے مطابق امدادی سرگرمیوں کے دوران بھی حملے جاری رہے اور طبی عملے کے بعض ارکان بھی ہلاک ہوئے۔ زخمیوں کو سر، سینے اور ٹانگوں پر شدید چوٹوں اور ہڈیوں کے ٹوٹنے کے باعث تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا۔

بقیہ 23

لہ خیال کیا گیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے یونیورسٹی آف لاہور، یونیورسٹی آف سینٹرل پنجاب اور کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر جامعات کے طلبہ اور فیکلٹی ممبران کو ان کے ساتھ براہ راست گفتگو اور مختلف امور پر سوالات کرنے کا موقع فراہم کیا گیا۔ نشستوں کے دوران طلبہ اور اساتذہ نے کھل کر اپنے خیالات کا اظہار کیا اور مختلف موضوعات پر سوالات کیے، جن کے ڈی جی آئی ایس پی آر نے مدلل اور جامع جوابات دیے۔ ترجمان پاک فوج نے شرکاء سے مختلف قومی اور بین الاقوامی امور پر بھی تفصیلی گفتگو کی۔ مکالمے کے دوران افغانستان سمیت خطے کی جغرافیائی و سیاسی صورتحال، علاقائی امن و استحکام اور امن کے قیام میں پاک فوج کے کردار سمیت اہم معاملات زیر بحث آئے۔ طلبہ نے ڈی جی آئی ایس پی آر کے جامعات کے دوروں اور براہ راست مکالمے کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے مستقبل میں بھی ایسی خصوصی نشستوں کے انعقاد کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر طلبہ نے معرکہ حق میں افواج پاکستان کی کامیابی کو خراج تحسین پیش کیا، جبکہ پاک فوج کے شہداء کو بھی خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔

بقیہ 24

م کا خیر خواہ بننے کی کوشش کرتے ہیں، وہ ان معصوموں کو پڑھنے لکھنے اور بلوچ قوم کو آگے لے جانے اور ترقی دینے کے بجائے خود پہاڑوں، غاروں اور بیرون ملک چھپ کر ہمارے 15 سے 20 اور 25 سال کے معصوم بچوں کو ایندھن بنا رہے ہیں میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ بھارت اور اسرائیل کے پراکسیز کو اگر یہ جنگ اتنی ضروری لگتی ہے تو خود لندن، یورپ، انڈیا اور افغانستان میں پرتعیش اور آرام دہ زندگی چھوڑ کر ان معصوم بچوں اور خواتین کے بجائے خود آگے آکر لڑیں انہوں نے کہا کہ بلوچ قوم خود بھی ان نام نہاد لیڈروں سے پوچھیں کہ ہمارے چھوٹے بچوں کو پہاڑوں پر بھیج کر خود کہاں ہو۔

بقیہ 25

،فیکلٹی آف سوشل سائنسز کے ڈین ڈاکٹر محمد طاہر حکیم، اساتذہ اور انتظامی عملے نے ڈاکٹر چنگیز احمد کو اس شاندار کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی۔ وائس چانسلر نے اسے جامعہ تربت کے لیے ایک اہم کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر چنگیز احمد کی یہ کامیابی اس بات کی عکاس ہے کہ جامعہ تربت کے اساتذہ محنت، لگن اور علمی جستجو کے جذبے سے سرشار ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس کامیابی سے جامعہ تربت میں معیاری تحقیقی سرگرمیوں کو مزید فروغ ملے گا۔

بقیہ 26

منا کرنا پڑ سکتا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ گیس کی عدم دستیابی کے دوران عوام ایل پی جی استعمال کرنے پر مجبور ہوتے ہیں، لیکن اس کی بڑھتی قیمتیں کم آمدنی والے خاندانوں کی استطاعت سے باہر ہو رہی ہیں۔ حکومت قانونی درآمدات میں حائل رکاوٹیں دور کرے، متبادل سپلائی کے انتظامات بہتر بنائے اور ذخیرہ اندوزی و ناجائز منافع خوری کے خلاف مؤثر کارروائی کرے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے شدید سرد علاقوں میں مستحق خاندانوں کے لیے گیس اور ایل پی جی پر خصوصی ریلیف پیکیج دیا جائے۔ عوام کو ایسی صورتحال میں نہ چھوڑا جائے کہ انہیں کھانے، گھر گرم رکھنے اور دیگر بنیادی ضروریات میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا پڑے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی و صوبائی حکومتیں، وزارت پٹرولیم اور متعلقہ ادارے مشترکہ لائحہ عمل کے تحت ہر علاقے کے لیے گیس کی فراہمی، کم پریشر کی شکایات کے ازالے اور ایل پی جی کی دستیابی کے واضح اہداف اور مدت مقرر کریں۔ عوام کو محض یقین دہانیوں کی بجائے گھروں میں گیس اور قابل برداشت قیمت پر ایندھن چاہیے۔

بقیہ 27

پیدل آمد و رفت کے لیے مختص ہیں، اس لیے انہیں تجاوزات سے پاک رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو پیدل چلنے میں مشکلات سے بچانے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ شہر میں تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی اور اس سلسلے میں کسی سے رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ 28

اروں سے حلف لیا۔ اس موقع پر رائس ملز ایسوسی ایشن کے ممبران اور مل مالکان بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نومنتخب صدر عبدالحفیظ سومرو نے کہا کہ وہ تمام رائس مل مالکان کو ساتھ لے کر چلیں گے اور ایسوسی ایشن کو درپیش مسائل کے حل کے لیے بھرپور کوششیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ممبران کے باہمی تعاون اور مشاورت سے مل مالکان کے مسائل متعلقہ حکام تک پہنچائے جائیں گے اور ان کے حل کے لیے مشترکہ جدوجہد کی جائے گی۔ تقریب میں نومنتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کی گئی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 29

کے قریب ارکان صوبائی اسمبلی اور دو ایم این اے منتخب ہوئے لیکن کوئٹہ شہر کے عوام تمام سہولیات سے محروم ہیں عوام کی تعمیر و ترقی کیلئے ہر سال بجٹ میں آنے والے اربوں روپے کے فنڈز خورد برد اور کرپشن کی نظر ہو جاتے ہیں اور ترقی صرف کاغذوں کی حد تک نظر آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کے عوام بجلی، گیس، پینے کے صاف پانی، تعلیم، ہسپتالوں میں ادویات سمیت دیگر بنیادی سہولیات سے محروم ہیں لیکن صوبائی وزراء، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی عوام کے مسائل حل کرنے کی بجائے لوٹ مار اور کرپشن میں ملوث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر صوبائی وزراء، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی نے اپنا رویہ تبدیل نہیں کیا تو عوام انکا محاسبہ کرنے پر مجبور ہوں گے اور پھر انہیں عوام کے غیض و غضب سے بچانے والا کوئی نہیں ہوگا۔ لالہ یوسف خلجی نے نیب اور محکمہ اینٹی کرپشن کے حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان اور خاص کر کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے ارکان قومی اور صوبائی اسمبلی کے گزشتہ تین سال کے دوران ملنے والے فنڈز کی تحقیقات کرائی جائیں اور کرپشن و بدعنوانی میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 30

رہی ہیں۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واردات میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کرکے عوام اور سرکاری ملازمین کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ 31

کیل چھین کر فرار ہونے کی کوشش کی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پہلے سے گشت پر مامور سوراب پولیس کی بھاری نفری فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور ملزمان کا تعاقب شروع کردیا، تعاقب کے دوران ہنگ ایریا میں پولیس اور ملزمان کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ پولیس کی مؤثر کارروائی کے نتیجے میں ملزمان چھینی گئی موٹر سائیکل چھوڑ کر تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے، پولیس نے موٹر سائیکل اپنی تحویل میں لے کر ملزمان کی گرفتاری اور مزید شواہد کے حصول کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔

بقیہ 32

تھ دیا۔ یہ بات انہوں نے پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے سیکرٹریٹ میں ملاقات کرنے والے پارٹی کے صوبائی رہنماؤں ڈویژن، ڈسٹرکٹ اور کوئٹہ سٹی کے عہدیداروں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ ملاقات کے دوران پارٹی کے تنظیمی، سیاسی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سینیٹر روزی خان کاکڑ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ آئین، جمہوریت، عوامی حقوق اور ملک میں جمہوری نظام کے استحکام کے لیے تاریخی قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے جمہوریت اور عوامی حقوق کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جن کی قربانیاں پارٹی کے کارکنوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ نے کہا کہ پارٹی کو مزید مضبوط بنانے کے لیے تنظیمی ڈھانچے کو فعال کرنا، کارکنوں کے مسائل حل کرنا اور تمام سطحوں پر باہمی رابطوں کو فروغ دینا ضروری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت، جمہوریت کے استحکام اور بلوچستان کی ترقی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں پر زور دیا کہ وہ عوام کے ساتھ اپنے روابط مضبوط بنائیں اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن اور شہید قیادت کے مشن کو آگے بڑھانے کے لیے متحد ہو کر کام کریں۔

بقیہ 33

با، خصوصاً اسکول جانے والے معصوم بچوں اور بچیوں کی جانوں کو شدید خطرات لاحق ہیں، جنہیں روزانہ تعلیمی اداروں تک آنے جانے کے دوران آوارہ کتوں کے حملوں کا خدشہ رہتا ہے۔ شہریوں کے مطابق نوکنڈی میں عرصہ دراز سے آوارہ کتوں کی بہتات کا مسئلہ سنگین صورت اختیار کرتا جا رہا ہے، لیکن افسوس کہ متعلقہ حکام کی جانب سے اس اہم عوامی مسئلے کے حل کے لیے تاحال کوئی مؤثر اور عملی اقدامات نظر نہیں آ رہے۔ مختلف سیاسی و سماجی شخصیات اور عوامی حلقے مسلسل اپنے بیانات کے ذریعے یونین کونسل کے چیئرمین اور سیکرٹریز سمیت متعلقہ ذمہ داران سے اپیل کرتے آ رہے ہیں کہ شہر کو آوارہ کتوں سے پاک کرنے کے لیے فوری اور ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، مگر بار بار توجہ دلانے کے باوجود مسئلہ جوں کا توں برقرار ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، لیکن نوکنڈی کے عوام اس بنیادی سہولت سے بھی محروم دکھائی دیتے ہیں۔ شہر میں آوارہ کتوں کی آزادانہ نقل و حرکت نے شہریوں میں خوف و ہراس کی فضا پیدا کردی ہے۔ خواتین بچوں کو گھروں سے نکلتے ہوئے مشکلات کا سامنا ہے، بچے اور بچیاں خوف کے باعث غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں، جبکہ بزرگوں اور دیگر شہریوں کے لیے بھی معمولات زندگی جاری رکھنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے نوکنڈی کے شہریوں کو آوارہ کتوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے اور شہر میں اس مسئلے کی ذمہ داری اٹھانے والا کوئی موجود نہیں۔ اگر خدانخواستہ کسی بچے، خاتون یا بزرگ کو آوارہ کتوں کے حملے میں نقصان پہنچا تو اس کی ذمہ داری کون قبول کرے گا؟ کیا متعلقہ حکام کسی بڑے حادثے کے رونما ہونے کا انتظار کر رہے ہیں شہریوں نے یونین کونسل کے چیئرمین، سیکرٹریز، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ نوکنڈی میں آوارہ کتوں کی روک تھام اور خاتمے کے لیے فوری طور پر مؤثر مہم شروع کی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ اسکولوں، بازاروں، گنجان آباد علاقوں اور رہائشی محلوں میں خصوصی توجہ دی جائے، تاکہ بچوں، خواتین، بزرگوں اور دیگر شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 34

ل کو عوامی ضروریات کے بجائے نجی کاروباری مقاصد کے لیے استعمال کرنا ایک سنگین معاملہ ہے جس کی شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں۔ بیان میں کہا گیا کہ نجی واٹر سپلائی اسکیموں کے خلاف کارروائی اور بجلی منقطع ہونے کے بعد ہزارہ ٹاؤن اور ملحقہ علاقوں میں پانی کی فراہمی کا نظام بری طرح متاثر ہوا ہے، جس کے باعث بڑی آبادی پینے کے پانی کی بنیادی سہولت سے محروم ہے۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے واضح احکامات کے باوجود مسئلے کا مستقل حل نہ نکلنا متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی نے مطالبہ کیا کہ سرکاری ٹیوب ویلز سے مبینہ غیر قانونی قبضے ختم کر کے انہیں محکمہ واسا کی تحویل میں دیا جائے، ان کے تجارتی استعمال کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور زیر تکمیل سرکاری واٹر سپلائی منصوبوں کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کر کے فعال بنایا جائے۔ پارٹی کے مطابق پانی کے بحران کے خاتمے تک متاثرہ علاقوں میں سرکاری سطح پر بلاتعطل پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ ہزارہ ٹاؤن اور گرد و نواح کے عوام گزشتہ تین دہائیوں سے پانی کے دیرینہ مسئلے کا سامنا کر رہے ہیں، اس لیے اب محض یقین دہانیوں اور عارضی اقدامات کے بجائے عملی اور مستقل حل کی ضرورت ہے۔ حکومت بلوچستان اور متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں، بصورت دیگر عوامی مشکلات کی ذمہ داری انہی پر عائد ہوگی۔

بقیہ 35

شاہ ہاشمی، ڈی ڈی ایچ او ڈاکٹر وقار، این اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر نذیر احمد رند بلوچ، پی پی ایچ آئی لسبیلہ کے ڈسٹرکٹ منیجر ڈاکٹر راول کمار، ڈاکٹر عبدالحکیم لاسی اور محکمہ صحت کے دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ای پی آئی پروگرام کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی، جس پر ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ حمیرا بلوچ نے ہدایت کی کہ حفاظتی ٹیکوں کی فراہمی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے اور تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون کو فروغ دیں۔ انہوں نے فیلڈ ورکرز کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے کڑی نگرانی کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ 36

بلوچستان بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرنا ان کی مؤثر قیادت اور محکمہ تعلیم کی اجتماعی کاوشوں کا نمایاں ثبوت ہے۔ ان کی نگرانی میں تعلیمی امور کی بروقت تکمیل، افسران و عملے کے درمیان بہتر رابطہ کاری اور انتظامی معاملات میں ذمہ دارانہ طرز عمل کو اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ اہلیان علاقہ نے عبدالرازق بگٹی کی کارکردگی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری اداروں میں ایسی محنت، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ لگن نہ صرف اداروں کی کارکردگی بہتر بناتی ہے بلکہ عوام کا اعتماد بھی بحال کرتی ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جنوبی ڈیرہ بگٹی اسی جذبے اور عزم کے ساتھ تعلیمی شعبے کی بہتری، اسکولوں کی ترقی اور طلبہ کے بہتر مستقبل کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔

بقیہ 01

منا کرنا پڑ سکتا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ گیس کی عدم دستیابی کے دوران عوام ایل پی جی استعمال کرنے پر مجبور ہوتے ہیں، لیکن اس کی بڑھتی قیمتیں کم آمدنی والے خاندانوں کی استطاعت سے باہر ہو رہی ہیں۔ حکومت قانونی درآمدات میں حائل رکاوٹیں دور کرے، متبادل سپلائی کے انتظامات بہتر بنائے اور ذخیرہ اندوزی و ناجائز منافع خوری کے خلاف مؤثر کارروائی کرے۔ بیگم محمد عبدالقادر نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے شدید سرد علاقوں میں مستحق خاندانوں کے لیے گیس اور ایل پی جی پر خصوصی ریلیف پیکیج دیا جائے۔ عوام کو ایسی صورتحال میں نہ چھوڑا جائے کہ انہیں کھانے، گھر گرم رکھنے اور دیگر بنیادی ضروریات میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا پڑے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی و صوبائی حکومتیں، وزارت پٹرولیم اور متعلقہ ادارے مشترکہ لائحہ عمل کے تحت ہر علاقے کے لیے گیس کی فراہمی، کم پریشر کی شکایات کے ازالے اور ایل پی جی کی دستیابی کے واضح اہداف اور مدت مقرر کریں۔ عوام کو محض یقین دہانیوں کی بجائے گھروں میں گیس اور قابل برداشت قیمت پر ایندھن چاہیے۔

بقیہ 02

پیدل آمد و رفت کے لیے مختص ہیں، اس لیے انہیں تجاوزات سے پاک رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو پیدل چلنے میں مشکلات سے بچانے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ شہر میں تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی اور اس سلسلے میں کسی سے رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ 03

اروں سے حلف لیا۔ اس موقع پر رائس ملز ایسوسی ایشن کے ممبران اور مل مالکان بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نومنتخب صدر عبدالحفیظ سومرو نے کہا کہ وہ تمام رائس مل مالکان کو ساتھ لے کر چلیں گے اور ایسوسی ایشن کو درپیش مسائل کے حل کے لیے بھرپور کوششیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ممبران کے باہمی تعاون اور مشاورت سے مل مالکان کے مسائل متعلقہ حکام تک پہنچائے جائیں گے اور ان کے حل کے لیے مشترکہ جدوجہد کی جائے گی۔ تقریب میں نومنتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کی گئی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 04

کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہوں پر قائم چیک پوسٹوں کا بنیادی مقصد عوام کے جان و مال کا تحفظ، امن و امان کی صورتحال بہتر بنانا اور جرائم کی روک تھام ہے، لیکن اگر انہی چیک پوسٹوں پر مسافروں، ٹرانسپورٹرز اور کاروباری طبقے کو مبینہ طور پر بھتہ وصولی اور غیر ضروری تنگ کرنے جیسے مسائل کا سامنا کرنا پڑے تو یہ نہایت افسوسناک اور قابل تشویش صورتحال ہے۔ میر محی الدین رند نے کہا کہ بلوچستان کی قومی شاہراہیں پہلے ہی بدامنی، مشکلات اور سفری دشواریوں کے باعث عوام اور ٹرانسپورٹرز کے لیے ایک بڑا چیلنج بنی ہوئی ہیں۔ ایسے حالات میں مبینہ غیر قانونی وصولیوں کی شکایات نہ صرف عوامی مشکلات میں اضافہ کرتی ہیں بلکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں پر عوام کے اعتماد کو بھی متاثر کرتی ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور آئی جی پولیس بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ سنگلاس چیک پوسٹ سے متعلق سامنے آنے والی شکایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور اگر کسی اہلکار کے خلاف الزامات درست ثابت ہوں تو اس کے خلاف محکمانہ اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ قانون سب کے لیے برابر ہے اور کسی کو بھی اپنے سرکاری منصب یا اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے عوام کو پریشان کرنے یا غیر قانونی مالی فوائد حاصل کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو تحفظ، سہولت اور بلاخوف سفر کی ضمانت فراہم کرے۔

بقیہ 05

ہا۔ خصوصاً اسکول جانے والے معصوم بچوں اور بچیوں کی جانوں کو شدید خطرات لاحق ہیں، جنہیں روزانہ تعلیمی اداروں تک آتے جاتے کے دوران آوارہ کتوں کے حملوں کا خدشہ رہتا ہے۔ شہریوں کے مطابق نوکنڈی میں عرصہ ؟ دراز سے آوارہ کتوں کی بہتات کا مسئلہ سنگین صورت اختیار کرتا جا رہا ہے، لیکن افسوس کہ متعلقہ حکام کی جانب سے اس اہم عوامی مسئلے کے حل کے لیے تاحال کوئی مؤثر اور عملی اقدامات نظر نہیں آ رہے۔ مختلف سیاسی و سماجی شخصیات اور عوامی حلقے مسلسل اپنے بیانات کے ذریعے یونین کونسل کے چیئرمین اور سیکرٹریز سمیت متعلقہ ذمہ داران سے اپیل کرتے آ رہے ہیں کہ شہر کو آوارہ کتوں سے پاک کرنے کے لیے فوری اور ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، مگر بار بار توجہ دلانے کے باوجود مسئلہ جوں کا توں برقرار ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، لیکن نوکنڈی کے عوام اس بنیادی سہولت سے بھی محروم دکھائی دیتے ہیں۔ شہر میں آوارہ کتوں کی آزادانہ نقل و حرکت نے شہریوں میں خوف و ہراس کی فضا پیدا کر دی ہے۔ خواتین، بچوں کو گھروں سے نکلتے ہوئے مشکلات کا سامنا ہے، بچے اور بچیاں خوف کے باعث غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں، جبکہ بزرگوں اور دیگر شہریوں کے لیے بھی معمولات زندگی جاری رکھنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے نوکنڈی کے شہریوں کو آوارہ کتوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے اور شہر میں اس مسئلے کی ذمہ داری اٹھانے والا کوئی موجود نہیں۔ اگر خدانخواستہ کسی بچے، خاتون یا بزرگ کو آوارہ کتوں کے حملے میں نقصان پہنچا تو اس کی ذمہ داری کون قبول کرے گا؟ کیا متعلقہ حکام کسی بڑے حادثے کے رونما ہونے کا انتظار کر رہے ہیں شہریوں نے یونین کونسل کے چیئرمین، سیکرٹریز، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ نوکنڈی میں آوارہ کتوں کی روک تھام اور خاتمے کے لیے فوری طور پر مؤثر مہم شروع کی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ اسکولوں، بازاروں، گنجان آباد علاقوں اور رہائشی محلوں میں خصوصی توجہ دی جائے، تاکہ بچوں، خواتین، بزرگوں اور دیگر شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 06

کے قریب ارکان صوبائی اسمبلی اور دو ایم این اے منتخب ہوئے لیکن کوئٹہ شہر کے عوام تمام سہولیات سے محروم ہیں عوام کی تعمیر و ترقی کیلئے ہر سال بجٹ میں آنے والے اربوں روپے کے فنڈز خورد برد اور کرپشن کی نظر ہو جاتے ہیں اور ترقی صرف کاغذوں کی حد تک نظر آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کے عوام بجلی، گیس، پینے کے صاف پانی، تعلیم، ہسپتالوں میں ادویات سمیت دیگر بنیادی سہولیات سے محروم ہیں لیکن صوبائی وزراء، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی عوام کے مسائل حل کرنے کی بجائے لوٹ مار اور کرپشن میں ملوث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر صوبائی وزراء، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی نے اپنا رویہ تبدیل نہیں کیا تو عوام انکا محاسبہ کرنے پر مجبور ہونگے اور پھر انہیں عوام کے غیض و غضب سے بچانے والا کوئی نہیں ہوگا۔ لالہ یوسف خلجی نے نیب اور محکمہ اینٹی کرپشن کے حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان اور خاص کر کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے ارکان قومی اور صوبائی اسمبلی کے گزشتہ تین سال کے دوران ملنے والے فنڈز کی تحقیقات کرائی جائیں اور کرپشن و بدعنوانی میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 07

ور بھرپور کوششوں کے بعد آگ پر قابو پا لیا، جس سے اسے مزید پھیلنے سے روک دیا گیا۔ آتشزدگی کے باعث ڈیرے پر رکھی دھان کی تیار فصل متاثر ہوئی۔ واقعے کے دوران مقامی افراد نے بھی اپنی مدد آپ کے تحت آگ بجھانے کی کوشش کی اور فائر بریگیڈ کے عملے کے ساتھ تعاون کیا۔ اہل علاقہ نے کمشنر نصیر آباد کی جانب سے فوری نوٹس لینے اور تین اضلاع سے فائر بریگیڈ کی گاڑیاں روانہ کرنے کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ بروقت امدادی کارروائیوں سے آگ کو قریبی مقامات تک پھیلنے سے روکنے میں مدد ملی۔

بقیہ 08

آفیسر کو تشدد کا نشانہ بنایا اور زبردستی باہر نکال دیا۔ ملزمان نے ہسپتال کے کوریڈور میں بھی ڈاکٹر کو بدترین تشدد کا نشانہ بنایا، یہاں تک کہ انہیں گھسیٹ کر مارا پیٹا گیا۔ یہ محض ایک ڈاکٹر پر حملہ نہیں بلکہ ہسپتال کے تقدس، طبی اداروں کے نظم و ضبط، قانون کی حکمرانی اور پورے شعبہ صحت پر کھلا حملہ ہے۔ یہ امر انتہائی قابل افسوس اور قابل مذمت ہے کہ دور دراز اور دشوار گزار علاقوں میں ڈاکٹرز عوام کو طبی سہولیات فراہم کرتے ہیں، لیکن بدلے میں انہیں تحفظ، عزت اور سہولیات دینے کے بجائے تشدد، دھمکیوں اور تذلیل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ آخر ڈاکٹرز کو کس جرم کی سزا دی جا رہی ہے؟ کیا سرکاری ہسپتالوں میں ڈیوٹی دینا اب اپنی جان اور عزت داؤ پر لگانے کے مترادف ہو چکا ہے؟ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان واضح کرتی ہے کہ کسی بھی شخص، گروہ یا بااثر فرد کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ قانون کو اپنے ہاتھ میں لے، ہسپتالوں کو اپنی بدمعاشی کا اکھاڑہ بنائے اور ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹرز کو تشدد اور تذلیل کا نشانہ بنائے۔ مزید افسوسناک پہلو یہ ہے کہ ایسے واقعات کے بعد ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام کی خاموشی اور عدم مؤثر کارروائی ان جیسے عناصر کی حوصلہ افزائی کا باعث بنتی ہے۔ انتظامیہ کی ذمہ داری محض واقعے کے بعد رسمی بیانات جاری کرنا نہیں بلکہ ڈاکٹرز اور طبی عملے کو عملی تحفظ فراہم کرنا اور قانون شکن عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانا ہے۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان مطالبہ کرتی ہے کہ واقعے میں ملوث تمام نامزد ملزمان کو فوری گرفتار کر کے ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اور واقعے کی شفاف تحقیقات یقینی بنائی جائیں۔ ہسپتالوں میں غنڈہ گردی، تشدد اور ہراسانی کے واقعات کی روک تھام کے لیے مستقل سیکیورٹی نظام وضع کیا جائے اور ذمہ داران کی غفلت کا بھی تعین کیا جائے۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان دوٹوک الفاظ میں واضح کرتی ہے کہ ڈاکٹرز کی عزت، جان اور تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اگر ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام نے فوری طور پر ملزمان کی گرفتاری اور ڈاکٹرز کے تحفظ کو یقینی نہ بنایا تو ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان اس غیر انسانی واقعے کے خلاف صوبے بھر میں بھرپور احتجاجی تحریک شروع کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

بقیہ 09

لوں پر کاربند ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ، ان کی اہلیہ سابق صدر کوئٹہ چلتن لائنز کلب خدیجہ ندیم اور حکومت پاکستان کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ، پاکستان جاپان بزنس فورم کے وائس چیئرمین سید فیروز شاہ سے ملاقات اور ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جاپانی سفیر نے کہا کہ جاپان جس امن کا خواہاں ہے وہ خاموشی کے بجائے مکالمے، تقسیم کے بجائے تعاون اور طاقت کے بجائے قانون کی حکمرانی پر مبنی ہے۔ جاپان کے سفیر اکاماتسو شوئچی نے کہا کہ امن کا تحفظ صرف عسکری طاقت کے مظاہرے سے ممکن نہیں بلکہ اس کیلئے مسلسل سفارتی روابط، مکالمے اور ایک دوسرے کے درمیان اعتماد کے پل تعمیر کرنا ضروری ہیں۔ جاپانی سفیر نے پاکستان کی سفارتی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ تنازعات کو مذاکرات میں تبدیل کرنے کی پاکستان کی غیر معمولی سفارتی مہارت عالمی برادری کی جانب سے اعلیٰ سطح پر پذیرائی کی مستحق ہے۔

بقیہ 10

(ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کے یوم پیدائش پر جاری ہونے والے اپنے ایک پیغام میں چوہدری فہیم کریم نے کہا کہ اقبال کی شاعری میں قرآنی تعلیمات، عشق رسول، خودی کا فلسفہ، اور عمل کی دعوت پوری شدت کے ساتھ موجود ہے ان کے افکار ہمیں یہ سبق دیتے ہیں کہ قومیں خوابوں سے نہیں بلکہ عزم، علم اور کردار سے بنتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقبال کا پیغام محض کسی خاص دور کے لیے نہیں بلکہ ہر زمانے اور ہر نسل کے لیے ایک زندہ فلسفہ ہے جو ہمیں یہ باور کراتا ہے کہ اگر ہم اپنی صلاحیتوں پر یقین رکھیں اور عمل کے میدان میں ڈٹ جائیں تو کوئی قوت ہمیں ترقی سے نہیں روک سکتی۔ انہوں نے کہا کہ آج کے نوجوانوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ علامہ اقبال کے افکار سے رہنمائی حاصل کریں کیونکہ اقبال نے نوجوان کو قوم کا معمار قرار دیا انہوں نے نوجوانوں کو بلند حوصلے، علم کی جستجو اور قومی خدمت کا درس دیا، جو موجودہ دور میں پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہمیں اقبال کے پیغام کو صرف تقریروں اور کتابوں تک محدود رکھنے کے بجائے عملی زندگی میں نافذ کرنے کی ضرورت ہے یہی وہ راستہ ہے جس پر چل کر ہم ایک مضبوط، خوددار اور روشن پاکستان تشکیل دے سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نوجوانوں کو تعلیم، روزگار اور ہنر کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اور پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود نوجوانوں کو مختلف ہنر سکھانے کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں جن کے مثبت نتائج سامنے آئیں گے

بقیہ 11

خوانی مسجد کبریٰ ایوان قلات سریاب روڈ کوئٹہ میں جاری ہے۔ گزشتہ روز قبائلی، سیاسی، سماجی شخصیات جن میں سردار احمد خان شنگرانی، میر احمد یار خان احمد زئی، آغا یونس، آغا ظفر درانی، سیدہ ذوالفقار شاہ، میر احمد مری، آغا میر وخان، شاہد بلوچ، نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، سردار نواز کرد، سردار جاوید لہڑی، آغا ذوالفقار احمد زئی، شہزادہ فرحت جان احمد زئی، پیر نور لہدا شاہ جیلانی، میر بہروز ریکی، جسٹس قیوم لہڑی، جسٹس نجم الدین مینگل، میر احمد ریکی، قاضی مجیب، عباس زہری، غلام علی بلوچ، کلیم ناصر، ملک ارشد، اعظم کاسی، سردار ہمایوں ورک، ڈاکٹر شہباز گچکی، نور محمد ورک، سردار منظور کاکڑ، ڈاکٹر چنگیز، ڈاکٹر مسعود، ڈاکٹر اقبال بلوچ، میر بہرام بلوچ، حاجی اسحاق مینگل، حاجی ابراہیم زہری، میر یونس مری، میر محبوب مری، میر مبارک مری، میر گوہر خان، میر صلاح الدین رند، میر قیوم، احمد نواز بلوچ، میر مقبول احمد لہڑی، میر علی احمد کرد، میر نوشیروانی، جمیل مینگل، سردار اللہ یار بادوزئی، نکری مرتضیٰ شنگرانی، نکری مجیب شنگرانی، سردار شنگرانی، ڈاکٹر عبدالغنی شنگرانی، میر کبیر احمد محمد شہی سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے ہفتہ کو مرحومہ کی روح کی ایصال ثواب اور بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ 12

2026 کو یونیورسٹی آف جارجیا میں اپنے تحقیقی مقالے کا کامیابی سے دفاع کیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن، پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کمال احمد، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز ڈاکٹر محمد طاہر حکیم، شعبہ تعلیم کی چیئرپرسن رقیہ میروانی اور پوری یونیورسٹی کمیونٹی نے ڈاکٹر طارق ذرہ کو اس کامیابی پر دلی مبارکباد دی۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق وائس چانسلر نے اپنے مبارکبادی پیغام میں اس کامیابی کو جامعہ تربت کے لیے باعث فخر قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ ڈاکٹر محمد طارق کی محنت اور علمی بصیرت کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے جامعہ تربت میں پی ایچ ڈی فیکلٹی ممبران کی بڑھتی ہوئی تعداد کو معیاری تحقیق کے فروغ کے لیے ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔

بقیہ 13

منصوبہ بندی کا صرف ایک عنصر تھا کہانی کی مرکزی مرکز کے طور پر اس کا انتخاب ایک گمراہ کن تاثر پیدا کرتا ہے کیونکہ تفتیش کا اصل نتیجہ نہیں تھا۔ ترجمان کے مطابق ڈکیتی فروری 2025 میں ہوئی تھی۔ ملزمان کی جانب سے اپنی شناخت چھپانے اور شواہد کو تباہ کرنے کی کوششوں کے باوجود پولیس کی مسلسل تحقیقات کے نتیجے میں مبینہ ماسٹر مائنڈ سمیت تین مشتبہ افراد کو گرفتار کیا گیا اور 170 ملین روپے کی مالیاتی لین دین کا سراغ لگایا گیا۔ اس کیس میں اہم پیش رفت ایک بڑی ڈکیتی کی کامیاب تفتیش ہے جس میں ایک پولیس افسر کو زخمی کرنے میں ملوث ملزمان کی نشاندہی بھی شامل ہے جس کے نتیجے میں اس کی آنکھ ضائع ہوئی تھی۔ ترجمان نے وضاحت کی ہے کہ کپڑے کی آن لائن خریداری کو الگ تھلگ کرنا اور اسے پاکستانی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے یونیفارم کے طور پر پیش کرنا واقعاتی تفصیل کو غیر مناسب اہمیت دیتا ہے اور تحقیقات کے اہم نتائج کو دھندلا دیتا ہے۔ جو کہ صحافتی ذمہ داری کے برعکس ہے۔

بقیہ 14

ابتدائی اطلاعات کے مطابق دونوں قبائل کے درمیان تصادم کے دوران فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعے میں زخمی ہونے والے افراد کو فوری طور پر سول ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی گئی۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کے لیے سندھ منتقل کر دیا گیا۔ واقعے کے بعد بھاگ پولیس نے مزید کارروائی شروع کر دی ہے۔

بقیہ 15

اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی اور مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے اپنے بیان میں کہا کہ ملک کو موجودہ دلدل سے نکالنے کے لیے سیاسی جماعتوں کا ایک پیج پر آنا وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ رہنماؤں نے الزام عائد کیا کہ فارم 47 کی حکومت ملک و قوم پر بوجھ بن چکی ہے اور اس سے نجات کے لیے سڑکوں پر نکلنا ہی واحد راستہ رہ گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جب تک سیاسی جماعتیں ذاتی اور اقتداری مفادات کو پس پشت ڈال کر آئین پاکستان، جمہوری روایات اور پائیدار اصولوں کو ترجیح نہیں دیں گی، سیاسی کشمکش جاری رہے گی اور ملک بحرانوں کا شکار رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ میں شامل جماعتوں نے سیاسی مزاحمت کو آئین اور پارلیمنٹ کی بالادستی کے بجائے اقتدار کے حصول کے لیے استعمال کیا، جس کے نتیجے میں سیاسی جماعتوں پر عوام کا اعتماد متاثر ہوا اور جمہوری اقدار کو نقصان پہنچا۔ بیان میں کہا گیا کہ ہائبرڈ نظام کے باعث ملک میں غیر جمہوری قوتوں کا اثر و رسوخ بڑھ گیا ہے، پارلیمنٹ کی توقیر اور عدلیہ کی آزادی متاثر ہو رہی ہے۔ رہنماؤں کے مطابق غیر آئینی طریقوں سے منتخب حکومتوں کو گرانے یا بنانے سے سیاسی استحکام پیدا نہیں ہو سکتا بلکہ اس طرز عمل نے ملکی سلامتی، خودمختاری اور معاشی بقا کو سنگین خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کی مفاہمت اور جمہوری عمل کے تسلسل سے ہی ملک کو درپیش چیلنجز کا پائیدار حل ممکن ہے، جبکہ انتقامی کارروائیوں اور پارلیمنٹ کی تحقیر سے جمہوری نظام کمزور ہوتا ہے۔ ان کے بقول ریاست کے بنیادی ستونوں کے درمیان عدم اعتماد بڑھ رہا ہے اور غیر آئینی اقدامات ملک کو مزید سنگین سیاسی و آئینی بحران کی طرف دھکیل رہے ہیں۔

بقیہ 16

کو برصغیر سے مار بھگانے پر مجبور کر کے برطانوی تسلط کا مکمل خاتمہ کرایا تھا یہی وجہ ہے کہ پشتون افغان قوم پورے برصغیر میں پھیلا ہوا ہے ایک قوم کے الگ وجود کو کبھی سرحدی لکیر سے انسٹ رشتوں کو کبھی بھی ختم نہیں کر سکتیں۔ جو لوگ تاریخ سے نا آشنا ہیں انہیں بتانا چاہتا ہوں کہ اگر اس بات کا ایک غیر جانبدارانہ سروے کرایا جائے کہ اس خطے میں آزادی کی خاطر کس قوم کے آباؤ اجداد نے زیادہ قربانیاں دی تھی تو پتہ چلے گا کہ پشتون افغان قوم کی گراں قدر قربانیوں سے پہلے تو انگریز فرنگی کو برصغیر سے مار بھگایا اور پھر پاکستان کے قیام میں ان گنت قربانیاں دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات توی حقیقت پر مبنی ہے کہ ہمارے دادا پردادا غازی عبداللہ خان شہید نے 1841ء میں اول افغان انگلو وار میں پاکستان میں اپنے آبائی علاقے ضلع قلعہ عبداللہ سے لیکر افغانستان تک انگریزوں کا پیچھا کر کے ان کے خلاف سخت جہادی جدوجہد کرتے ہوئے کابل کو انگریزوں سے پاک کرایا تھا اور وہی پر جام شہادت نوش کیا۔ آج بھی شہید غازی عبداللہ خان کا مزار افغانستان کے دارالحکومت کابل میں شہر موجود ہے جس پر گزشتہ سال افغان قومی موومنٹ کی درخواست پر افغان حکومت نے ایک بڑا مزار تعمیر کیا ہے۔ آحم خان نے کہا کہ دنیا کے ہر کونے میں بسنے والے پشتون بنیادی طور پر افغان ہے اور ہمیں ایک افغان ہونے پر فخر ہے اس لئے محسوس ہو رہا ہے کہ تاریخ ہمارے اکابرین کے سنہرے کارہائے نمایاں اور فتوحات سے بھرا پڑا ہے اس لئے کسی سے افغانیت کا لائسنس لینے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ ہم پاکستانی ہیں اور قومیت ہمارا افغان تھا افغان ہے اور افغان رہے گی انہوں نے کہا کہ برابری کی بنیاد پر محکوم اقوام کو حقوق اور تحفظ نہ دیے گئے تو پاکستان میں صدیوں سے رہنے والے پشتون افغان سمیت دیگر محکوم اقوام اپنا فیصلہ خود دیں گے۔

بقیہ 17

لے کے جھٹکے محسوس کئے گئے ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 3.6 اور گہرائی 30 کلومیٹر جبکہ زلزلے کا مرکز ژوب سے 135 کلومیٹر جنوب مغرب میں تھا۔ تاہم زلزلے سے کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

بقیہ 18

لالا شاہین خان کی رہائش گاہ لالا اکبر خان لالا عبدالغنی ڈاکٹر طارق خان لالا محمد علی ممتاز خان لالا انجم کاکڑ سمیت دیگر انکی رہائش گاہ پر پہنچے اس موقع پر شاہین خان نے میڈیا کے دوستوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مغیری قبیلے بدمعاش لوگوں نے زیادتی کرتے ہوئے میرے بھانجے کا پیچھا کیا اسے ڈراتے دھمکاتے ہوئے ہراساں کرنے کی پوری کوشش کی مگر میرا بھانجا موٹر سائیکل پر خیریت سے گھر پہنچ گیا جیسے ہی مجھے اطلاع ملی تو میں باہر نکلا تو چند شرپسند لوگ کھڑے تھے اور میرے معلوم کرنے پر انہوں نے مجھ پر حملہ کر دیا جسکی وجہ سے میرے سر پر چوٹ لگی اور میرے زخمی ہونے کے بعد شرپسند عناصر بھاگنے لگے تو راستے میں کسی چیز سے ٹکرا کر گرے اور زخمی ہو گئے اسے فوری طور انسانیت کے ناطے زخمی کو ہسپتال پہنچایا اس کا علاج بھی کرایا واقع کی اطلاع پر مغیری قبیلے کے شرپسندوں نے رات کے 4 بجے چوبارہ میرے گھر پر فائرنگ کر دی جس کی وجہ سے اہل علاقہ میں شدید خوف ہراس پھیل گیا انہوں نے کہا کہ ہم امن پسند لوگ ہیں اور ایس پی اور ڈپٹی کمشنر جیکب آباد سے مطالبہ کرتے ہیں کہ مجھے انصاف فراہم کیا جائے اور حملہ آوروں کو فوری طور گرفتار کیا جائے۔

بقیہ 19

طالبات اور اساتذہ نے علامہ اقبال کی شخصیت، علمی و ادبی خدمات اور فلسفہ ؟ خودی پر روشنی ڈالی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اس موقع پر طالبات اور اساتذہ نے تقاریر کے ذریعے علامہ اقبال کے افکار اور قومی پیغام کو اجاگر کیا۔ مقررین نے کہا کہ علامہ اقبال کی شاعری نوجوان نسل میں خوداعتمادی، خودداری، بلند حوصلے، علم و عمل اور قومی شعور بیدار کرنے کا اہم ذریعہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اقبال کا پیغام آج بھی نوجوانوں کے لیے مشعل راہ ہے اور اس پر عمل کرتے ہوئے ایک باشعور، باصلاحیت اور ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل ممکن ہے۔

بقیہ 20

پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط سریاب، فقیر آباد اور سپر افغان کی علاقائی کانفرنس کے کھلے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس سے قبل کانفرنس کا بند اجلاس صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں علاقائی سیکرٹری نے گزشتہ تین سال کی تنظیمی، سیاسی اور سماجی کارکردگی پر مشتمل رپورٹ پیش کی۔ مندوبین نے رپورٹ کا جائزہ لینے کے بعد اسے منظور کر لیا۔ کانفرنس میں نئے علاقائی ایگزیکٹو کا انتخاب بھی عمل میں لایا گیا، جس کے تحت نور آغا درانی علاقائی سیکرٹری اور بخت محمد بڑیچ سینئر معاون سیکرٹری منتخب ہوئے۔ محمد مراد کچی، نور خان خلجی، سید صدیق آغا، عبیداللہ توتی، فیض الحق، عبدالغفار بڑیچ، شیر احمد، محمد سمین خان اور گل الدین بلوچ معاونین منتخب ہوئے۔ صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے نو منتخب ایگزیکٹو سے حلف لیا۔ اس موقع پر دوست آغا کے گھرانے اور دیگر افراد سمیت تقریباً 100 افراد نے پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ پارٹی رہنماؤں نے نئے شامل ہونے والے افراد کا خیر مقدم کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ قومی حقوق، جمہوریت، امن اور عوامی خوشحالی کے لیے جماعت کے پلیٹ فارم سے اپنا کردار ادا کریں گے۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رہنماؤں نے دعویٰ کیا کہ پشتونخوا وطن میں گزشتہ پانچ دہائیوں سے جاری دہشت گردی حکمرانوں کی ناکام داخلہ اور خارجہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پشتون اور بلوچ کو دہشت گردوں، بدعنوان عناصر، اغوا برائے تاوان میں ملوث مسلح گروہوں اور جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ مقررین نے کہا کہ بدامنی کے باعث کوئٹہ جیسے بڑے شہر میں بھی عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں، شاہراہیں بند ہیں، کاروباری سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں اور تجارتی راستوں کی بندش کے باعث عوام کو معاشی مشکلات کا سامنا ہے۔ پارٹی رہنماؤں نے الزام عائد کیا کہ پشتونخوا وطن کے وسائل، خصوصاً قیمتی معدنیات پر قبضے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی کوششوں کو بھی اسی تناظر میں قرار دیا اور کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے 12 اصلاح کو الگ کرنے کی کوششوں سے متعلق ان کے تحفظات ہیں۔ مقررین نے ہزارہ کے نام پر نئے صوبے کے قیام کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ پشتونخوا وطن کی کسی بھی قسم کی تقسیم پشتون عوام کو قبول نہیں ہوگی۔ ان کے مطابق ایسی کوشش پشتون عوام کے قومی وجود، وحدت اور تاریخی سرزمین پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ رہنماؤں نے تمام پشتون اور بلوچ سیاسی و مذہبی جماعتوں پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی، اغوا برائے تاوان، مسلح گروہوں کی سرگرمیوں، تجارتی راستوں کی بندش اور معاشی بدحالی جیسے مسائل کے خلاف مشترکہ جدوجہد کریں۔ کانفرنس سے پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری پروفیسر اسد خان ترین، حیات خان اچکزئی اور علی محمد ترین نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے کامیاب کانفرنس کے انعقاد پر علاقائی تنظیم اور کارکنوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ جماعت قومی، سیاسی، معاشی اور جمہوری حقوق کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ پارٹی نے اپنے کارکنوں اور عہدیداروں کو ہدایت کی کہ وہ آل پارٹیز کے زیر اہتمام احتجاجی تحریک میں بھرپور حصہ لیں، جس کے تحت 19 نومبر کو شٹر ڈاؤن ہڑتال اور تمام اضلاع میں احتجاجی ریلیاں منعقد کی جائیں گی۔

بقیہ 21

رہی ہیں۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واردات میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کر کے عوام اور سرکاری ملازمین کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ 22

سکیل چھین کر فرار ہونے کی کوشش کی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پہلے سے گشت پر مامور سوراب پولیس کی بھاری نفری فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور ملزمان کا تعاقب شروع کر دیا۔ تعاقب کے دوران بنک ایریا میں پولیس اور ملزمان کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ پولیس کی مؤثر کارروائی کے نتیجے میں ملزمان چھینی گئی موٹر سائیکل چھوڑ کر تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے۔ پولیس نے موٹر سائیکل اپنی تحویل میں لے کر ملزمان کی گرفتاری اور مزید شواہد کے حصول کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔

بقیہ 23

تھ دیا۔ یہ بات انہوں نے پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے سیکرٹریٹ میں ملاقات کرنے والے پارٹی کے صوبائی رہنماؤں ڈویژن، ڈسٹرکٹ اور کوئٹہ سٹی کے عہدیداروں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ ملاقات کے دوران پارٹی کے تنظیمی، سیاسی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سینیٹر روزی خان کاکڑ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ آئین، جمہوریت، عوامی حقوق اور ملک میں جمہوری نظام کے استحکام کے لیے تاریخی قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے جمہوریت اور عوامی حقوق کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جن کی قربانیاں پارٹی کے کارکنوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ نے کہا کہ پارٹی کو مزید مضبوط بنانے کے لیے تنظیمی ڈھانچے کو فعال کرنا، کارکنوں کے مسائل حل کرنا اور تمام سطحوں پر باہمی رابطوں کو فروغ دینا ضروری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت، جمہوریت کے استحکام اور بلوچستان کی ترقی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں پر زور دیا کہ وہ عوام کے ساتھ اپنے روابط مضبوط بنائیں اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن اور شہید قیادت کے مشن کو آگے بڑھانے کے لیے متحد ہو کر کام کریں۔

بقیہ 24

دی بلکہ اپنی منزل تک پہنچ گئے۔ انہوں نے کہا کہ اگر علامہ اقبال کا پیغام عالمگیر ہے اور ان کی شاعری معاشرے کے تمام طبقات کی عکاسی کرتا ہے علامہ اقبال ایک عظیم دانشور تھے جن کی تعلیمات اور نظریات آج بھی ہماری رہنما ہیں۔ علامہ اقبال ہماری قومی افق پر طلوع ہونے والا وہ روشن ستارہ ہے جس نے ہمیں ایسے وقت میں ہمیں راستہ دکھایا جب غلامی کی زنجیروں میں ہم اپنی منزل کا نشان کھو چکے تھے۔ علامہ اقبال کی شاعری ملت اسلامیہ کے احیاء پر مرکوز تھی۔ انہوں نے اپنے نثر اور نظم میں ختم نبوت کے تصور کو پوری دنیا پر اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت دور جدید کے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے افکار اقبال پر عمل کی ضرورت ہے، جس کے ذریعے علامہ اقبال نے توحید و سنت اور وحدت امت کے تصور کو پروان چڑھایا۔

بقیہ 25

روک دیا گیا اور قریبی دونوں پیٹرول پمپس، آبادی اور گرد و نواح کے علاقے کو بڑے نقصان سے بچا لیا گیا

بقیہ 26

جب سے چارج سنبھالا ملازمین اور پینشنرز کے مسائل ان کے حقوق کے لئے فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔ کھلی کچہریاں اور دیگر شکایات کے لئے پلیٹ فارم کی سہولت بھی موصوف کا کریڈیٹ ہے جس کے لئے ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں تاکہ خالقین کے حوصلوں کو دھچکا لگے۔

بقیہ 27

سیاق و سباق سے ہٹ کر پیش کیا جا رہا ہے بیان کے مطابق 6 نومبر 2026 کو چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر ترین کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں محکمے کے مالی سال 2022-23 کے آڈٹ پیراز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صرف چار آڈٹ پیراز زیر غور آئے، جبکہ باقی ماندہ ایجنڈا 30 نومبر 2026 کو ہونے والے آئندہ اجلاس تک مؤخر کر دیا گیا غیر ترقیاتی بجٹ سے متعلق آڈٹ پیرا پر محکمے نے وضاحت کی کہ مالی سال 2022-23 میں محکمہ خزانہ کی جانب سے مختلف مدات میں 12 ارب 11 کروڑ روپے جاری کیے گئے، جن میں سے 2 ارب 83 کروڑ روپے غیر استعمال شدہ رہے یہ بچت خالی آسامیوں کے باعث تنخواہوں کی مد میں کم اخراجات اور دیگر جاری اخراجات میں بچت کی وجہ سے ہوئی۔ کمیٹی نے محکمے کی وضاحت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ آڈٹ پیرا نمٹا دیا ترقیاتی بجٹ کے 26 کروڑ 90 لاکھ روپے غیر استعمال شدہ رہنے سے متعلق آڈٹ پیرا پر محکمے نے بتایا کہ محکمہ خزانہ کی جانب سے جاری کردہ 31 ارب 53 کروڑ روپے کے مقابلے میں یہ رقم تقریباً 0.85 فیصد بنتی ہے۔ محکمے نے رقم استعمال نہ ہونے کی وجوہات بھی پیش کیں، جن پر کمیٹی نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے یہ آڈٹ پیرا بھی نمٹا دیا مختلف بلڈنگ ڈویژنز میں مبینہ زائد ادائیگیوں کی مجموعی رقم 9 کروڑ 3 لاکھ 41 ہزار روپے سے متعلق آڈٹ پیرا نمبر 4.2.1 کے تحت شامل 25 اصلاح میں سے اجلاس میں صرف شیرانی اور لسبیلہ کے معاملات زیر بحث آئے ضلع شیرانی کے ترقیاتی منصوبوں میں خودرو پودوں اور جھاڑیوں کی کٹائی و صفائی پر ایک لاکھ 51 ہزار روپے کے اخراجات کے حوالے سے محکمے نے بتایا کہ متعلقہ تصویری شواہد آڈٹ ٹیم کو فراہم کر دیے جائیں گے ایکسین بلڈنگ لسبیلہ سے متعلق معاملے پر تفصیلی جواب جمع کرانے کے لیے مہلت طلب کی گئی کمیٹی کو بتایا گیا کہ متعلقہ دور کے ایکسین ریٹائر ہو چکے ہیں اور جواب کی تیاری کے لیے ضروری ریکارڈ دیکھا جا رہا ہے محکمے نے واضح کیا کہ اجلاس میں مذکورہ چار پیراز کے علاوہ کوئی اور پیراز زیر بحث ہی نہیں آیا۔ اس لئے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبریں بے بنیاد ہیں اور ریکوری سے متعلق خبروں کو کمیٹی کے فیصلے کے طور پر پیش کرنا درست نہیں چیئرمین پی اے سی نے محکمے کو مزید ہدایت کی کہ 30 نومبر 2026 کے آئندہ اجلاس میں زیر التوا آڈٹ پیراز کے تفصیلی جوابات پیش کیے جائیں انہوں نے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات کی زیر صدارت ان برسوں کے آڈٹ پیراز پر محکمانہ اکاؤنٹس کمیٹی، ڈی اے سی کے اجلاس منعقد کرنے کی بھی ہدایت کی جن پر تاحال ڈی اے سی اجلاس نہیں ہوئے محکمے نے ذرائع ابلاغ اور سوشل میڈیا صارفین سے اپیل کی کہ اجلاس کی کارروائی سے متعلق معلومات کی اشاعت سے قبل تصدیق کی جائے اور انہیں درست سیاق و سباق کے ساتھ پیش کیا جائے۔

بقیہ 28

کل کو عوامی ضروریات کے بجائے نجی کاروباری مقاصد کے لیے استعمال کرنا ایک سنگین معاملہ ہے جس کی شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں۔ بیان میں کہا گیا کہ نجی واٹر سپلائی اسکیموں کے خلاف کارروائی اور بجلی منقطع ہونے کے بعد ہزارہ ٹاؤن اور ملحقہ علاقوں میں پانی کی فراہمی کا نظام بری طرح متاثر ہوا ہے، جس کے باعث بڑی آبادی پینے کے پانی کی بنیادی سہولت سے محروم ہے۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے واضح احکامات کے باوجود مسئلے کا مستقل حل نہ نکلنا متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی نے مطالبہ کیا کہ سرکاری ٹیوب ویلز سے مبینہ غیر قانونی قبضے ختم کر کے انہیں محکمہ واسا کی تحویل میں دیا جائے، ان کے تجارتی استعمال کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور زیر تکمیل سرکاری واٹر سپلائی منصوبوں کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کر کے فعال بنایا جائے۔ پارٹی کے مطابق پانی کے بحران کے خاتمے تک متاثرہ علاقوں میں سرکاری سطح پر بلاتعطل پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ ہزارہ ٹاؤن اور گرد و نواح کے عوام گزشتہ تین دہائیوں سے پانی کے دیرینہ مسئلے کا سامنا کر رہے ہیں، اس لیے اب محض یقین دہانیوں اور عارضی اقدامات کے بجائے عملی اور مستقل حل کی ضرورت ہے۔ حکومت بلوچستان اور متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں، بصورت دیگر عوامی مشکلات کی ذمہ داری انہی پر عائد ہوگی۔

بقیہ 29

انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو پنشن کی ادائیگی فوری طور پر کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو پنشن کی مد میں 34 لاکھ 93 ہزار روپے ادا کر دیے۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 30

کہ صوبائی وزیر اپنے علاقے کی تعمیر و ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبوں کے بلند و بانگ دعوے کرتے ہیں لیکن لوگوں کو اپنے بیماروں کے علاج معالجے کیلئے مریضوں کو ہسپتال منتقل کرنے کے لئے ایمبولینس میسر نہیں مریضوں کو موٹر سائیکل کے ذریعے ہسپتال منتقل کیا جاتا ہے جبکہ عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبوں کے لئے اربوں روپے کے فنڈز ملنے کے باوجود عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح تعلیمی اداروں کی بہتری، تعمیر و ترقی اور دیگر منصوبوں کی تکمیل پر کروڑوں روپے خرچ ہونے کے باوجود غیر معیاری کام کیا جا رہا ہے جس میں غیر معیاری میٹریل کا استعمال ہو رہا ہے۔ صوبائی وزیر اس کا نوٹس لے تاکہ لوگوں کو حکومت کی جانب سے ان کی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی تعمیر پر معیاری میٹریل استعمال ہو اور وہ منصوبے بروقت مکمل ہو جن کی افادیت اور ثمرات سے لوگوں کو فائدہ پہنچے۔ یہ صوبائی وزراء اور ارباب اختیار کی ذمہ داری ہے کہ وہ علاقے کی تعمیر و ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کو ممکن بناتے ہوئے ان کے ثمرات عوام تک پہنچانے اور انہیں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 31

شاہ ہاشمی، ڈی ڈی ایچ او ڈاکٹر وقار، این اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر نذیر احمد رو نجھو، پی پی ایچ آئی لسبیلہ کے ڈسٹرکٹ منیجر ڈاکٹر راول کمار، ڈاکٹر عبدالحکیم لاسی اور محکمہ صحت کے دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ای پی آئی پروگرام کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی، جس پر ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ حمیرا بلوچ نے ہدایت کی کہ حفاظتی ٹیکوں کی فراہمی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے اور تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون کو فروغ دیں۔ انہوں نے فیلڈ ورکرز کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے کڑی نگرانی کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ 32

بلوچستان بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرنا ان کی مؤثر قیادت اور محکمہ تعلیم کی اجتماعی کاوشوں کا نمایاں ثبوت ہے۔ ان کی نگرانی میں تعلیمی امور کی بروقت تکمیل، افسران و عملے کے درمیان بہتر رابطہ کاری اور انتظامی معاملات میں ذمہ دارانہ طرز عمل کو اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ اہلیان علاقہ نے عبدالرازق کھیتی کی کارکردگی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری اداروں میں ایسی محنت، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ لگن نہ صرف اداروں کی کارکردگی بہتر بناتی ہے بلکہ عوام کا اعتماد بھی بحال کرتی ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جنوبی ڈیرہ بگٹی اسی جذبے اور عزم کے ساتھ تعلیمی شعبے کی بہتری، اسکولوں کی ترقی اور طلبہ کے بہتر مستقبل کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔

بقیہ 33

تع پر اسسٹنٹ کمشنر مچھ فہد حسین عمرانی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کی مجوزہ جگہ کا معائنہ کرایا اور منصوبے کے مختلف امور پر بریفنگ دی۔ دورے کے دوران اسپتال کی تعمیر کے لیے مختص مقام کا جائزہ لیا گیا اور منصوبے پر پیش رفت تیز کرنے کے متعلق امور کا مشاہدہ کیا گیا۔ اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ رکھنی ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ معیار کے مطابق مکمل کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے تاکہ علاقے کے عوام کو صحت سمیت دیگر بنیادی سہولیات مقامی سطح پر میسر آ سکیں۔

بقیہ 34

ایشن ضلع زیارت کے صدر محمد نور مرزا، سکول کے ہیڈ ماسٹر محمد یوسف مرزا اور اساتذہ کرام نے فیتہ کاٹ کر سپورٹس ویک کا افتتاح کیا۔ سپورٹس ویک کے پہلے روز فٹ بال، 100 میٹر دوڑ، بلائنڈ پول گیم، گول پھینکنے سمیت مختلف کھیلوں کے مقابلے منعقد کیے گئے، جن میں طلبہ نے بھرپور جوش و خروش اور دلچسپی کے ساتھ حصہ لیا۔ اس موقع پر طلبہ نے اپنی جسمانی صلاحیتوں، کھیلوں کی مہارت اور مقابلے کے جذبے کا مظاہرہ کیا، جسے اساتذہ اور ساتھی طلبہ کی جانب سے سراہا گیا۔ سپورٹس ویک کے انعقاد کا بنیادی مقصد طلبہ میں صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کو فروغ دینا، ان کی جسمانی و ذہنی نشوونما کو یقینی بنانا اور نوجوان نسل میں نظم و ضبط، ٹیم ورک، برداشت، باہمی تعاون اور مثبت مسابقت کے جذبے کو پروان چڑھانا ہے۔ اسکول انتظامیہ کے مطابق سپورٹس ویک کے دوران مختلف کھیلوں کے مقابلوں کا سلسلہ جاری رہے گا، تاکہ طلبہ کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور کھیلوں کے میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے جا سکیں۔

بقیہ 35

آماجگاہ بننے دینا انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، قبرستان میں منشیات کی خرید و فروخت اور دیگر غیر اخلاقی سرگرمیاں نہ صرف معاشرتی اقدار کے منافی ہیں بلکہ مرحومین کی حرمت اور لواحقین کے جذبات کی صریح توہین ہیں، افسوسناک امر ہے کہ متعلقہ اداروں کی موجودگی کے باوجود ایسے عناصر کھلے عام سرگرم ہیں، جمعیت علماء اسلام مطالبہ کرتی ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور پولیس فوری طور پر نوٹس لے کر قبرستان کو جرائم پیشہ عناصر سے پاک کریں، منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز مؤثر کارروائی کی جائے اور قبرستان کی حفاظت کے لیے مستقل سیکیورٹی اور نگرانی کا نظام قائم کیا جائے، بصورت دیگر اس سنگین غفلت کی ذمہ داری متعلقہ حکام کو جوابدہ ہونا پڑے گا۔

بقیہ 36

قانون کا احترام کرنے والا شہری ہوں، بلوچ روایات کا تقاضا ہے کہ خواتین کو تنازعات میں نہ گھسیٹا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ یعقوب کلوائی نے کہا کہ میں ایک معزز شہری ہوں اور ہمیشہ قانون کا احترام کیا ہے۔ کسی بھی شہری کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ بغیر کسی ثبوت کے دوسرے شخص یا اس کے اہلخانہ پر الزامات عائد کر کے ان کی عزت اور وقار کو مجروح کرے۔ اگر کسی کو کوئی شکایت یا اختلاف ہے تو اس کے لیے قانونی راستے موجود ہیں، الزامات اور کردار کشی کے ذریعے کسی کی زندگی کو مشکل بنانا کسی صورت مناسب نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ خدارا بلوچیت، روایات اور قبائلی اقدار کو مدنظر رکھا جائے اور خواتین کو گھریلو معاملات اور باہمی تنازعات میں گھسیٹنے سے گریز کیا جائے۔ خواتین معاشرے کا قابل احترام حصہ ہیں، انہیں تنازعات میں ڈھال بنا کر کسی کے خلاف استعمال کرنا ہماری روایات اور معاشرتی اقدار کے منافی ہے۔ خواتین کو سہارا لینے کے بجائے مرد حضرات کو اپنے اختلافات اور مسائل باہمی گفت و شنید اور قانونی طریقے سے حل کرنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے اور اپنے بیٹوں کے خلاف لگائے گئے الزامات پر اپنا موقف عوام کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں تاکہ یکطرفہ الزامات کی بنیاد پر کسی کی عزت و شہرت کو نقصان نہ پہنچے۔ میری متعلقہ حکام اور معززین سے بھی اپیل ہے کہ معاملے کو غیر جانبداری سے دیکھا جائے اور حقائق سامنے لائے جائیں تاکہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔ یعقوب کلوائی نے واضح کیا کہ وہ قانون پر یقین رکھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ تمام معاملات قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے حل ہوں، کسی کو بھی ذاتی اختلافات کی بنیاد پر ان کے خاندان کو بدنام کرنے یا ذہنی اذیت پہنچانے کا حق نہیں دیا جانا چاہیے۔

بقیہ 37

کے رہائشیوں اور روزانہ اس راستے سے گزرنے والے افراد کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ سڑک کی عدم تعمیر سے آمد و رفت متاثر ہے جبکہ گرد و نواح کی آبادی کے لوگوں کو بھی روزمرہ نقل و حرکت میں دشواری پیش آ رہی ہے۔ علاقے کے عوام نے متعلقہ حکام اور محکمہ تعمیرات سے مطالبہ کیا ہے کہ اسد مارکیٹ تا سی پیک روڈ منصوبے پر فوری کام شروع کیا جائے تاکہ عوام کو درپیش مشکلات سے نجات مل سکے۔

بقیہ 38

ہے کہ کلی محمد خیل، کلی رحم دل، ولی آباد، کلی سید ال بچ پنجپائی کے عوام کو بے گھر کر کے بے یار و مددگار چھوڑ دینا افسوسناک ہے روٹی، کپڑا اور مکان کا نعرہ لگانے والی حکومت نے عوام کو بے گھر اور بے سہارا چھوڑ دیا ہے سرد موسم میں غریب خاندان گھر بار، مال مویشی اور ذریعہ معاش چھوڑ کر بے سروسامانی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ کرایے کے مکانوں میں رہائش اختیار کرنے والے متاثرین دو وقت کی روٹی کے لیے بھی پریشان ہیں جبکہ مکانوں کے کرایے اور دیگر اخراجات ان کے لیے اضافی مالی بوجھ بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں سیکیورٹی آپریشن اور کشیدہ صورتحال کے باعث سینکڑوں افراد سرد موسم میں اپنے گھروں سے نقل مکانی کر کے بے سروسامانی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ روٹی، کپڑا اور مکان کا نعرہ لگانے والوں کی حکومتی کارکردگی کا یہ عالم ہے کہ معصوم بچے خواتین اور بزرگ کھلے آسمان تلے بے یار و مددگار زندگی گزارنے پر مجبور ہیں جبکہ ان کی دادرسی کے لیے کوئی عملی اقدام نظر نہیں آتا۔ حکومت نے عملاً متاثرہ عوام کو بے سہارا چھوڑ کر انہیں مسلح قوتوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقے کے مکین اپنے گھر بار، مال مویشی اور ذریعہ معاش خصوصاً کاشتکاری کو چھوڑ کر اپنے بچوں اور اہل خانہ کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے پر مجبور ہیں۔ ان میں بیشتر غریب اور محنت مزدوری کرنے والے خاندان ہیں جو دوسرے علاقوں میں کرایے کے مکانوں میں رہائش اختیار کر چکے ہیں تاہم محدود مالی وسائل کے باعث مکانوں کا کرایہ ادا کرنا اور بچوں کے اخراجات پورے کرنا بھی ان کے لیے انتہائی دشوار ہو چکا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ کلی محمد خیل، پنجپائی کے متاثرہ خاندانوں کی فوری دادرسی اور بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر عملی اقدامات کیے جائیں اور انہیں درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے خصوصی امدادی پیکیج کا اعلان کیا جائے۔

بقیہ 39

احساس ذمہ داری کی روشن مثال قائم کر رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یتیم بچوں کی کفالت اور تعلیم کی ذمہ داری اٹھانا محض ایک سماجی خدمت نہیں بلکہ عظیم انسانی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ کسی بچے کو محض وسائل کی کمی کے باعث تعلیم اور بہتر مستقبل کے مواقع سے محروم نہیں ہونا چاہیے۔ ریاست ایسے درد مند اور باہمت افراد کی حوصلہ افزائی کرے گی جو معاشرے کے محروم اور ضرورت مند طبقات کی بہتری کے لیے عملی کردار ادا کر رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بچوں کی تعلیم، تحفظ اور بہتر مستقبل کے لیے امینہ شفیع کی کوششوں میں حکومت بلوچستان اپنا کردار ادا کرے گی اور ان کے فلاحی مشن کے تسلسل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کے مخیر حضرات اور صاحب استطاعت افراد کو بھی چاہیے کہ وہ یتیم اور بے سہارا بچوں کی تعلیم، تربیت اور کفالت کے لیے آگے آئیں اور ان کی زندگیوں میں بہتری لانے کے لیے اپنا حصہ ڈالیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ایک بچے کی زندگی میں امید کا چراغ روشن کرنا درحقیقت پورے معاشرے کے مستقبل کو روشن کرنے کے مترادف ہے۔ حکومت بلوچستان معاشرے کے ایسے افراد کی حوصلہ افزائی جاری رکھے گی جو ذاتی مفاد سے بالاتر ہو کر محروم اور ضرورت مند بچوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کے لیے کوشاں ہیں

بقیہ 40

منظم نظریاتی اور متحرک تنظیم بنیادی حیثیت رکھتی ہے اکابرین نے جس قومی فکر، سیاسی شعور اور جدوجہد کی بنیاد رکھی اس کے تسلسل اور ان کے ادھورے مشن کی تکمیل کے لیے ضروری ہے کہ کارکنان تنظیمی نظم و ضبط، نظریاتی وابستگی اور باہمی اتحاد کو مقدم رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ 22 نومبر کو چمن میں شہدائے وطن شہید خان جیلانی خان اچکزئی اور شہید اسد خان اچکزئی کی برسی کے موقع پر منعقدہ جلسہ عام موجودہ سیاسی حالات کے تناظر میں انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا جس میں عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان کی شرکت جلسے کی سیاسی اور قومی اہمیت کو مزید اجاگر کرے گی تمام کارکنان اور ذمہ داران اپنی بھرپور شرکت یقینی بنائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے خان باس کوئٹہ میں عوامی نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کی کابینہ تمام تحصیلوں کے صدور اور جنرل سیکرٹریز سینیٹر نائب صدور اور خدائی خدمتگار آرگنائزیشن کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال امن و امان کے مسائل اور پارٹی کی آئندہ سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا جبکہ آل پارٹیز کی جانب سے 19 نومبر بروز جمعرات اعلان کردہ شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاجی مظاہرے سمیت 22 نومبر کو چمن میں شہدائے وطن کی برسی کے سلسلے میں منعقد ہونے والے جلسہ عام کے انتظامات اور تیاریوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس کے شرکاء نے اس امر پر اتفاق کیا کہ موجودہ حالات میں سیاسی و جمہوری قوتوں کا مشترکہ کردار وقت کی اہم ضرورت ہے صوبے کو درپیش بدامنی عدم تحفظ سیاسی بے یقینی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے سیاسی جماعتوں اور جمہوری قوتوں کو مشترکہ جدوجہد اور مؤثر آواز بلند کرنا ہوگی اس سلسلے میں آل پارٹیز کی جانب سے اعلان کردہ شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاجی مظاہرے کو کامیاب بنانے کے لیے تنظیمی سطح پر بھرپور رابطہ مہم چلانے اور عوام کو متحرک کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا اصغر خان اچکزئی نے کہا کہ شہداء کی قربانیوں کو یاد کرنا دراصل ان کے نظریات افکار اور قومی جدوجہد سے تجدید عہد کرنا ہے شہید خان جیلانی خان اچکزئی اور شہید اسد خان اچکزئی کی قربانیاں پشتون قومی تحریک کی تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہیں ان کی جدوجہد اور قربانیوں نے قومی حقوق سیاسی آزادی امن اور جمہوری بالادستی کے لیے جدوجہد کرنے والوں کو ہمیشہ حوصلہ اور رہنمائی فراہم کی ہے انہوں نے کہا کہ شہداء کے مشن کو آگے بڑھانے کے لیے ضروری ہے کہ پارٹی کارکنان سیاسی طور پر باشعور تنظیمی طور پر منظم اور نظریاتی طور پر مضبوط ہوں انہوں نے مزید کہا کہ 22 نومبر کو چمن میں منعقد ہونے والا جلسہ عام شہداء کے قومی و سیاسی افکار کی تجدید اور پشتون قومی تحریک کے ساتھ وابستگی کے اظہار کا ایک اہم موقع ہوگا مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان کی شرکت اس اجتماع کو مزید اہمیت دے گی لہٰذا ضلع کوئٹہ سمیت صوبے بھر کے کارکنان اور ذمہ داران جلسے میں بھرپور شرکت کے لیے ابھی سے اپنی تیاریاں مکمل کریں انہوں نے ضلعی کابینہ تحصیلوں کے عہدیداران اور خدائی خدمتگار آرگنائزیشن کے ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں تنظیمی اجلاسوں کارکنوں سے رابطوں اور عوامی رابطہ مہم کو تیز کریں دونوں پروگراموں کے حوالے سے دی گئی ذمہ داریوں کو بروقت مکمل کریں اور طے شدہ شیڈول کے مطابق تمام سرگرمیوں کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے اپنی تمام تر تنظیمی صلاحیتیں بروئے کار لائیں ایک منظم اور فعال تنظیم ہی قومی تحریک کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرتے ہوئے اکابرین کے متعین کردہ راستے پر آگے بڑھ سکتی ہے

بقیہ 41

جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی خطاب کریں گے، جبکہ ریٹائر ہونے والے جسٹس جمال خان مندوخیل بھی اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ اس موقع پر اٹارنی جنرل پاکستان منصور عثمان اعوان بھی فل کورٹ ریفرنس سے خطاب کریں گے۔ تقریب میں جسٹس جمال خان مندوخیل کی عدالتی خدمات اور سپریم کورٹ میں ان کے دور سے متعلق اظہار خیال کیا جائے گا۔

بقیہ 42

نقصان کی اطلاع نہیں ملی تفصیلات کے مطابق نوشکی میں آر سی ڈی شاہراہ چھتراکی کے مقام پر کار موٹر حادثے کا شکار رہی جس میں بی این پی کلی غریب آباد کے رہنما شکیل احمد جعفر خان مینگل جان بحق جبکہ تین ساتھی زخمی ہوگئے جبکہ دوسرے واقعہ میں پولیس نے مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو نہ رکنے پر فائرنگ کر دی، مشکوک افراد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ فائرنگ سے کسی قسم کے نقصان کا اطلاع نہیں ملی۔

بقیہ 43

منصوبے سے وابستہ کاروباری مواقع میں شمولیت بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ تین روزہ تربیتی پروگرام میں کرتاک، نوکنڈی، سیندک، دالبندین اور یک مچ سے تعلق رکھنے والی 13 کمپنیوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ شرکاء کو آر ڈی ایم سی کے شعبہ خریداری کے طریقہ کار، اریبا نیٹ ورک (Ariba Network) کے ذریعے سپلائرز کی رجسٹریشن، درخواست برائے نرخ (RFQ) کے طریقہ کار، بولی کی تیاری، تکنیکی تفصیلات، رسد و ترسیل، میکسیو، بلنگ اور ادائیگی کے تقاضوں سے متعلق عملی تربیت فراہم کی گئی۔ آر ڈی ایم سی کی پروکیورمنٹ ٹیم کی زیر نگرانی منعقد ہونے والے اس پروگرام میں شرکاء کو عملی سرگرمیوں، اریبا ایپ کے ذریعے آن لائن رجسٹریشن، کاروباری ترقی کی منصوبہ بندی اور کاروباری سرگرمیوں میں موجود خامیوں کی نشاندہی اور ان کے حل کے حوالے سے معلومات فراہم کی گئیں۔ شرکاء کو پروکیورمنٹ کے ماہرین کے ساتھ براہ راست تبادلہ خیال کا موقع بھی فراہم کیا گیا، جس سے انہیں سپلائرز کے لیے آر ڈی ایم سی کے مقرر کردہ معیارات اور توقعات کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد ملی۔ تربیتی پروگرام میں شریک ایک وینڈر نے کہا، "اس تربیت کے ذریعے مقامی کاروباری افراد کو مفید معلومات حاصل ہوئی ہیں اور خریداری کے طریقہ کار اور اس سے متعلق تقاضوں کو سمجھنے میں مدد ملی۔ اس طرح کے اقدامات ہماری صلاحیتوں کو بہتر بنانے، مسابقتی حیثیت مضبوط کرنے اور مستقبل کے کاروباری مواقع کے لیے بہتر تیاری میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ ہم مقامی کاروباری اداروں کی معاونت اور چاغی کی معاشی ترقی میں کردار ادا کرنے کے لیے آر ڈی ایم سی کی مسلسل کوششوں کو سراہتے ہیں۔" آر ڈی ایم سی مقامی سپلائرز کا ایک باصلاحیت اور مسابقتی نیٹ ورک تشکیل دینے کے لیے پرعزم ہے۔ کاروباری اداروں کو خریداری کے تقاضوں سے بہتر طور پر آگاہ کرنے اور ان کی صلاحیتوں میں اضافے کے ذریعے کمپنی ریکوڈک منصوبے میں مقامی کاروباری اداروں کی شمولیت کے مزید مواقع پیدا کر رہی ہے، جبکہ خطے کی طویل مدتی معاشی ترقی اور خوشحالی میں بھی اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ تین روزہ تربیتی ورکشاپ مکمل کرنے پر تمام شرکاء میں تعارفی اسناد بھی تقسیم کی گئیں۔ ریکوڈک بلوچستان کے ضلع چاغی میں واقع تانبے اور سونے کی ایک عالمی معیار کی کان ہے، جس کی تیاری اور تعمیر جاری ہے۔ دنیا کے سب سے بڑے غیر ترقی یافتہ تانبے اور سونے کے منصوبوں میں شمار ہونے والے ریکوڈک منصوبے میں بیرک (Barrick) کی 50 فیصد، تین وفاقی سرکاری اداروں کی مجموعی طور پر 25 فیصد، صوبہ بلوچستان کی 15 فیصد (مکمل مالی معاونت کے ساتھ) اور صوبہ بلوچستان کی مزید 10 فیصد (بلا معاوضہ شراکت داری کی بنیاد پر) ملکیت ہے۔ ریکوڈک منصوبے سے توقع ہے کہ یہ کم از کم 37 سال تک ٹرک اور شاول کے ذریعے کھلے گڑھے میں کان کنی (Open Pit Mining) کے طور پر کام کرے گا، جہاں پراسیسنگ کی سہولیات کے ذریعے اعلیٰ معیار کا تانبا اور سونے کا کنسنٹریٹ تیار کیا جائے گا۔ منصوبے کی تعمیر دو مراحل میں مکمل کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے، جن کی مجموعی پراسیسنگ صلاحیت سالانہ 90 ملین ٹن ہوگی۔ ریکوڈک منصوبہ پاکستان کی معیشت میں اہم کردار ادا کرے گا اور بلوچستان کی ترقی پر دور رس اور مثبت اثرات مرتب کرنے کی توقع ہے

صوبائی وزراء، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی عوام کی خدمت کی بجائے لوٹ مار اور عیاشیوں میں مصروف ہیں

بلوچستان کا دارالحکومت کوئٹہ کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے، لالہ یوسف خلجی

کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے ارکان قومی اور صوبائی اسمبلی کے گزشتہ تین سال کے دوران ملنے والے فنڈز کی تحقیقات کرائی جائیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ صوبائی وزراء، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی عوام کی خدمت کی بجائے لوٹ مار اور عیاشیوں میں مصروف ہیں بلوچستان کا دارالحکومت کوئٹہ کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے اور عوام گیس، بجلی، پینے کے صاف پانی سمیت دیگر بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ پہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ کوئٹہ شہر سے نصف درج (باقی صفحہ 3 نمبر 6)



اتوار بازار میں لوگ سردی سے بچاو کے لئے گرم کپڑے خرید رہے ہیں

گوٹھ میر حسن کھوسہ میں دھان کی فصل کے ڈیرے پر آتشزدگی، فائر بریگیڈ نے آگ پر قابو پالیا

کمشنر صلاح الدین نورزئی کے نوٹس پر تین اضلاع سے فائر بریگیڈ گاڑیاں روانہ کی گئیں، تیار دھان کی فصل متاثر

نصیرآباد (آن لائن): گوٹھ میر حسن کھوسہ میں معروف زمیندار میر منظور خان کھوسہ کے شالی کے ڈیرے پر اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں وہاں لگی دھان کی تیار فصل متاثر ہوئی۔ واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے متعلقہ حکام کو فوری امدادی کارروائیاں شروع کرنے اور آگ پر قابو پانے کی ہدایات جاری کیں۔ کمشنر کی خصوصی ہدایت پر نصیرآباد ڈویژن کے تین اضلاع سے فائر بریگیڈ کی گاڑیاں جائے وقوعہ کی جانب روانہ کی گئیں۔ فائر بریگیڈ کے عملے نے موقع پر پہنچ کر آگ بجھانے کی کارروائی شروع کی (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

کوئٹہ میں جوائنٹ روڈ کے فٹ پاتھوں سے مچھلی فروشوں کی تجاوزات ختم

میٹروپولیٹن کارپوریشن کی کارروائی، ریڑھی بانوں کا سامان اور دیگر رکاوٹیں ہٹادی گئیں

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ میں فٹ پاتھوں پر قائم تجاوزات کے خاتمے کے لیے میٹروپولیٹن کارپوریشن کی کارروائیاں جاری ہیں۔ عوامی شکایت پر مجسٹریٹ میٹروپولیٹن کارپوریشن عمران زیب کاسی کی نگرانی میں جوائنٹ روڈ پر فٹ پاتھوں پر مچھلی فروخت کرنے والے ریڑھی بانوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تجاوزات ختم کردی گئیں۔ کارروائی کے دوران سپروائزر عبدالحق بلوچ نے عملے کے ہمراہ فٹ پاتھوں پر قائم رکاوٹیں ہٹائیں اور ریڑھی بانوں کا سامان وہاں سے منتقل کر دیا۔ اس موقع پر مجسٹریٹ عمران زیب کاسی نے کہا کہ فٹ پاتھ شہریوں کی (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

اوستہ محمد، رائس ملز ایسوسی ایشن کی نومنتخب کابینہ کی حلف برداری کی تقریب

اوستہ محمد (آن لائن) رائس ملز ایسوسی ایشن کی نومنتخب کابینہ کی حلف برداری کی تقریب سابق صدر عابد حسین بھنگر نے عہدیداروں سے حلف لیا رائس ملز ایسوسی ایشن کے سابق صدر عابد حسین بھنگر نے ایسوسی ایشن کے نومنتخب صدر عبدالحفیظ سومرو اور ان کی کابینہ کے دیگر عہدید (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

سنگداس پولیس پوسٹ پر بھتہ وصولی کیخلاف کارروائی کی جائے، پروفیسر حلیم صادق

حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو تحفظ، سہولت اور بلاخوف سفر کی ضمانت فراہم کرے

مبینہ بھتہ وصولی کی شکایات کا شفاف تحقیقات کرکے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے

کوئٹہ (آن لائن) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے قلات سنگداس پولیس چیک پوسٹ پر مبینہ بھتہ وصولی کی خبروں پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے واقعے کا فوری نوٹس لینے اور اعلیٰ پولیس حکام سے معاملے کی شفاف تحقیقات کرکے ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

جاپان کی سیلف ڈیفنس فورسز دفاعی حکمت عملی پر کاربند ہیں: اکاماتسوشوچی

جاپان جس امن کا خواہاں ہے وہ مکالمے، تعاون اور طاقت کے بجائے قانون کی حکمرانی پر مبنی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میں تعینات جاپان کے سفیر اکاماتسوشوچی نے کہا ہے کہ جاپان کی سیلف ڈیفنس فورسز کی تاریخ دراصل جاپان کے امن کے عزم کی عکاس ہے، جاپان کی دفاعی افواج آج بھی امن پسندی اور صرف دفاعی حکمت عملی کے اصو (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

ڈیرہ اللہ یار اسپتال میں ڈیوٹی ڈاکٹر پر تشدد، ینگ ڈاکٹرز کا ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ

ڈاکٹرز کی عزتِ نفس اور تحفظ پر ایک اور کاری ضرب ہے، ضلعی انتظامیہ کی خاموشی ناقابلِ قبول ہے

ہسپتال کے تقدس، طبی اداروں کے نظم و ضبط، قانون کی حکمرانی اور پورے شعبہ صحت پر کھلا حملہ ہے: ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈیرہ اللہ یار میں ڈیوٹی پر موجود میڈیکل آفیسر کے ساتھ پیش آنے والے انتہائی افسوسناک، شرمناک اور انسانیت سوز واقعے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ گزشتہ رات تقریباً 9 بج کر 30 منٹ پر 15 سے 20 افراد پر مشتمل ایک مشتعل گروہ نے ہسپتال کے ڈیوٹی روم میں داخل ہو کر وہاں موجود ڈیوٹی پر مامور میڈیکل (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

نوکنڈی میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد شہریوں کیلئے سنگین خطرہ بن گئی، متعلقہ حکام خاموش تماشائی

نوکنڈی (آن لائن) شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں کی زندگیوں کو شدید خطرات سے دوچار کردیا ہے۔ صورتحال اس قدر تشویش ناک ہو چکی ہے۔ کہ دن ہو یا رات، خواتین، بچوں، بزرگوں اور عام شہریوں کا گھروں سے باہر نکلنا خطرے سے خالی نہیں رہا (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

نال: اسد مارکیٹ تا سی پیک روڈ کا تعمیراتی کام تاحال شروع نہ ہوسکا، عوام کو مشکلات کا سامنا

نال (آن لائن) نال میں اسد مارکیٹ سے سی پیک روڈ تک سڑک کی تعمیر کا کام تاحال شروع نہیں ہوسکا، جس کے باعث علاقے (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

جامعہ تربت کے فیکلٹی ممبر ڈاکٹر محمد طارق ذرّہ نے امریکا کی یونیورسٹی آف جارجیا سے شعبہ تعلیم میں پی ایچ ڈی مکمل کرلی

تربت (خ ن) جامعہ تربت کے فیکلٹی ممبر ڈاکٹر محمد طارق ذرّہ نے امریکا کی یونیورسٹی آف جارجیا سے شعبہ تعلیم میں پی ایچ ڈی کی ڈگری مکمل کرلی ہے۔ انہوں نے 7 نومبر (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

نور محمد ہنگرئی کی بیٹی کی وفات پر مختلف شخصیات کا اظہار تعزیت و فاتحہ خوانی

کوئٹہ (آن لائن) تمندار ہنگرئی سردار وڈیرہ نور محمد ہنگرئی کی بیٹی آغا سلطان احمد ہنگرئی آغا شیر احمد ہنگرئی آغا نصیر احمد ہنگرئی کی بہن سابق نگران صوبائی وزیر داخلہ آغا عمر ہنگرئی اور میر سعید احمد باروزئی کی پھوپھی کی فاتحہ (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

حکومت عملاً متاثرہ عوام کو بے سہارا چھوڑ کر انہیں مسلح قوتوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے

عوام کو ایسی صورتحال میں نہ چھوڑا جائے کہ انہیں کھانے، گھر گرم رکھنے اور دیگر بنیادی ضروریات میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا پڑے

گیس کی عدم دستیابی کے دوران عوام ایل پی جی استعمال کرنے پر مجبور ہوتے ہیں، سینیٹر محمد عبدالقادر

بلوچستان کے دیگر سرد علاقوں میں گیس کی مناسب پریشر کے ساتھ فراہمی یقینی بنانے کیلئے خصوصی سرمائی پلان فوری نافذ کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ سردیوں کے آغاز پر کوئٹہ، قلات اور بلوچستان کے دیگر سرد علاقوں میں گیس کی مناسب پریشر کے ساتھ فراہمی یقینی بنانے کے لیے خصوصی سرمائی پلان فوری نافذ کیا جائے شدید سردی والے علاقوں میں گیس محض سہولت نہیں بلکہ بنیادی ضرورت ہے، اس کی فراہمی میں تعطل سے بچوں، بزرگوں اور مریضوں کو شدید مشکلات کا سا (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

کلی محمد خیل پنجپائی کے عوام کو بے گھر کرکے بے یار و مددگار چھوڑ دینا افسوسناک ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

روٹی، کپڑا اور مکان کا نعرہ لگانے والی حکومت نے عوام کو بے گھر اور بے سہارا چھوڑ دیا ہے، ضلعی امیر جے یو آئی کوئٹہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی تحصیل پنجپائی امیر مولانا محمد نواز، جنرل سیکرٹری مولانا محمد عبدالحئی نے کہا (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

بلوچ روایات کا تقاضا ہے کہ خواتین کو تنازعات میں نہ گھسیٹا جائے، یعقوب کلوانی

میرے اور میرے بیٹوں پر بے بنیاد الزامات عائد کرکے بدنام کرنے کی کوشش کی جارہی ہے

کوہلو (آن لائن) یعقوب کلوانی نے شاہ داد کی جانب سے گزشتہ روز اپنی اہلیہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران لگائے گئے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ میرے بیٹوں پر بے بنیاد اور ناجائز الزامات عائد کرکے ہماری ساکھ کو نقصان پہنچانے اور ہمیں بدنام کرنے کی کوشش کی گئی ہے بے بنیاد الزامات عائد کرکے بدنام کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، میں (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

قبرستان کی حفاظت کیلئے مستقل سیکیورٹی اور نگرانی کا نظام قائم کیا جائے، ترجمان جے یو آئی کوئٹہ

کاسی قبرستان میں نشہ آور اشیاء کی خرید و فروخت اور جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیاں قابل مذمت ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان نے کوئٹہ کے قدیم قبرستان میں نشہ آور اشیاء کی خرید و فروخت، جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں اور قبرستان کے تقدس کی پامالی پر شدید تشویش اور مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ قبرستان مسلمانوں کی آخری آرام گاہ اور ایک مقدس مقام ہے، اسے منشیات فروشوں نشے کے عادی افراد اور جرائم پیشہ عناصر کی (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول سمالن سنجاوی کے زیر اہتمام سپورٹس ویک کا آغاز

برداشت، باہمی تعاون اور مثبت مسابقت کے جذبے کو پروان چڑھانا ہے، خطاب

زیر اہتمام سپورٹس ویک 2026 کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا۔ اس سلسلے میں حاجی نور محمد دمڑ خت ہال اسٹیڈیم میں منعقدہ افتتاحی تقریب کے دوران گورنمنٹ ٹیچر زالیسوی (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

سالانہ ڈیجیٹل سکول مردم شماری میں جنوبی ڈیرہ بگٹی کا پہلی پوزیشن حاصل کرنا قابل ستائش ہے، اہلیان علاقہ

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جنوبی ڈیرہ بگٹی عبدالرازق بگٹی کی موثر انتظامی صلاحیتوں، پیشہ ورانہ لگن اور تعلیمی امور میں نمایاں کارکردگی کو اہلیان علاقہ کی جانب سے سراہا جارہا ہے سالانہ ڈیجیٹل اسکول مردم شماری 2026-27ء میں ضلع جنوبی ڈیرہ بگٹی کا صوبہ (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

وفاقی محتسب کے حکم پر غلام محمد کو جھٹکو ڈیپارٹمنٹ سے پینشن کی مد میں 34 لاکھ 93 ہزار روپے دلوادیے گئے

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار غلام محمد نے بتایا کہ وہ جھٹکو ڈیپارٹمنٹ میں مشین آپریٹر تھے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد پانچ ماہ گزر جانے کے باوجود ان کی پنشن کی ادائیگی نہیں کی جارہی تھی۔ متعدد بار متعلقہ دفتر سے رابطہ کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ کی زیر صدارت اجلاس

ملیریا سے بچاؤ کی ویکسینیشن کی ماہانہ کارکردگی کا جائزہ لیا گیا

لسبیلہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ ضلع بھر میں بچوں کو حفاظتی ٹیکوں کی فراہمی کا عمل مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ کوئی بچہ اہم ویکسینیشن سے محروم نہ رہے۔ اس حوالے سے ڈی سی آفس کے اجلاس کمرے میں ڈپٹی کمشنر حمیرا بلوچ کی زیر صدارت ای پی آئی ٹاسک فورس کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں پولیو اور دیگر مہلک بیماریوں سے بچاؤ کی ویکسینیشن اور حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام کی ماہانہ کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سراج احمد بلوچ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سید فرید اللہ (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

جاری ترقیاتی کاموں میں غیر معیاری میٹریل استعمال ہو رہا ہے، رستم خان کھوسہ

فلاح و بہبود کے منصوبوں کی تعمیر پر معیاری میٹریل استعمال ہو اور وہ منصوبے بروقت مکمل ہوا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی صحبت پور کے صدر رستم خان کھوسہ نے کہا ہے کہ علاقے میں جاری ترقیاتی کاموں میں غیر معیاری میٹریل استعمال ہو رہا ہے جس سے کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے کرپشن کی نذر ہونے کا اندیشہ ہے۔ صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات میر سلیم کھوسہ اس کا نوٹس لے تاکہ معیاری کام کے ذریعے منصوبے مکمل ہو سکے جس سے عوام کو فائدہ پہنچے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

ایڈیشنل کمشنر رکھنی اور پراجیکٹ ڈائریکٹر کا سائٹ کا دورہ

رکھنی میں 50 بستروں کے جدید اسپتال کی تعمیر کے لیے مجوزہ جگہ کا معائنہ

رکھنی (خ ن) حکومتِ بلوچستان کی جانب سے رکھنی میں 50 بستروں پر مشتمل جدید اسپتال کی تعمیر کے منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے متعلقہ حکام نے مجوزہ مقام کا دورہ کیا اور تعمیر کے لیے مختص جگہ کا معائنہ کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق عوام کو جدید طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کو آگے بڑھانے کے سلسلے میں کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی کی ہدایت پر ایڈیشنل کمشنر عبدالباسط بزدار اور پراجیکٹ ڈائریکٹر رکھنی ڈویلپمنٹ پیکج نے مجوزہ سائٹ کا دورہ کیا۔ اس مو (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

ایچ ڈی پی کا سرکاری ٹیوب ویلز پر قبضے کی تحقیقات کا مطالبہ

مبینہ غیر قانونی قبضے اور نجی ٹینکروں کے ذریعے پانی فروخت کرنے کا معاملہ اٹھا دیا

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی نے کوئٹہ کے ہزارہ ٹاؤن، گلی کرانی، پشتون باغ، بروری، کرخہ، کلی علی، مصطفیٰ آباد اور فیصل ٹاؤن میں پانی کے شدید بحران پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سرکاری ٹیوب ویلز پر مبینہ غیر قانونی قبضے اور پانی کی نجی سطح پر فروخت کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ گلی علی میں سرکاری وسائل سے نصب چھ سے زائد ٹیوب ویلز پر مبینہ طور پر غیر قانونی قبضہ کیا گیا ہے اور ان کے ذریعے نجی واٹر ٹینکروں کو پانی فروخت کیے جانے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ بیان کے مطابق سرکاری وسا (باقی صفحہ 3 نمبر 28)



کوئٹہ، سابق صوبائی وزیر آغا عمر چیف انجینئر حاجی محمد اسحاق مینگل سابق وزیر میر یونس ملازئی و دیگر ایم پی اے زرک خان مندوخیل کی چچی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ملک کو بحرانوں سے نکالنے کا راستہ فارم 47 کی حکومت سے نجات ہے، جمعیت نظریاتی

مولانا عبدالقادر لونی کے رہنماؤں کا سیاسی جماعتوں سے آئین کی بالادستی کیلئے متحد ہونے کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی اور دیگر مرکزی رہنماؤں نے کہا ہے کہ ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے کا واحد راستہ فارم 47 کی حکومت سے نجات ہے، جبکہ تمام سیاسی جماعتوں کو ذاتی اور اقتداری مفادات سے بالاتر ہو کر آئین کی بالادستی کے لیے متحد ہونا ہوگا۔ مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالوہاب ڈھیر، مولانا عبدالروف، سرپرست (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

بلوچستان پولیس کے ترجمان کے ایک وضاحتی بیان کے مطابق

کوئٹہ (آن لائن) اوتھل ہینگ ڈکیتی پر پی پی او اردو کی رپورٹ کے حوالے سے یہ واضح کیا گیا ہے کہ یونیفارم سے ملتے جلتے کپڑوں کی آن لائن خریداری مشتبہ افراد کی وسیع پیمانہ (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

بھاگ، دو قبائل کے درمیان مسلح تصادم کے نتیجے میں فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق 5 افراد زخمی

بھاگ (آن لائن) بھاگ کے نواحی علاقے گوٹھ آدمیانی پہوڑ میں دو قبائل کے درمیان مسلح تصادم کے نتیجے میں فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق جبکہ 5 افراد زخمی ہوگئے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

ژوب اور ملحقہ علاقوں میں گزشتہ روز زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے ژوب اور ملحقہ علاقوں میں گزشتہ روز زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے لوگ گھر طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے تاہم کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی زلزلہ پیماں مرکز کے مطابق گزشتہ روز ژوب اور ملحقہ علاقوں میں زلز (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

صحبت پور، لالا شاہین خان کے گھر پر اندھا دھند فائرنگ جس کے نتیجے میں لالا شاہین خان زخمی

صحبت پور (آن لائن) پٹھان ویلفیئر آرگنائزیشن پاکستان کے چیف آرگنائزر لالا شاہین خان کے گھر پر اندھا دھند فائرنگ جس کے نتیجے میں لالا شاہین خان زخمی ہوگئے واقع کی اطلاع ملتے ہی پٹھان ویلفیئر سندھ بلوچستان کے درجنوں رہنماؤں نے اظہار ہمدردی کے طور پر (باقی صفحہ 3 نمبر 18)



جیل روڈ پر سڑک کی کھدائی کی وجہ سے گزرنے والوں کو مشکلات کا سامنا ہے

جیونی کے گرلز مڈل اسکول پاوان میں یوم اقبال کی تقریب

طالبات اور اساتذہ نے شاعرِ مشرق کو خراجِ عقیدت پیش کیا

گوادر، جیونی (آن لائن): گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول پاوان جیونی میں شاعرِ مشرق علامہ ڈاکٹر محمد اقبال کے یوم ولادت کے موقع پر ایک تقریب منعقد ہوئی، جس میں (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

علامہ اقبال محض ایک شاعر نہیں بلکہ ایک فلسفی، مفکر اور روحانی رہنما تھے، چوہدری نعیم کریم

مسلم لیگ (ن) نوجوانوں کو تعلیم، روزگار اور ہنر کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے، بیان

مسلم لیگ (ن) نوجوانوں کو تعلیم، روزگار اور ہنر کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ اقبال کی فکر نے برصغیر کے مسلمانوں میں خودی، بیداریِ شعور اور آزادی کا عزم پیدا کیا جو بالآخر قیامِ پاکستان کی صورت میں تعبیر ہوا، علامہ اقبال محض ایک شاعر نہیں بلکہ ایک فلسفی، مفکر اور روحانی رہنما تھے جنہوں نے غلامی کی زنجیروں میں جکڑے مسلمانوں کے دلوں میں خود اعتمادی، ایمان اور عمل کی حرارت پیدا کی ان کا پیغام آج بھی ہمارے لیے قومی بیداری اور عملی جدوجہد کا سرچشمہ ہے۔ مسلم لیگ (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

ملی اتحاد غازی عبداللہ خان نے افغانستان تک انگریزوں کا پیچھا کرتے ہوئے مسلسل جدوجہد سے افغان وطن کو انگریزوں سے پاک کرایا تھا

افغانیت کا خون ہر پشتون کے رگوں میں بہتا ہے بنیادی پہچان ہی افغانیت ہے، احمد خان

ہمارے اکابرین کے سنہرے کارہائے نمایاں اور فتوحات سے براپڑا ہے اس لئے کسی سے افغانیت کا لائسنس لینے کی ضرورت نہیں ہے

کوئٹہ (آن لائن) افغان قومی موومنٹ کے چیئرمین احمد خان نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں صدیوں سے رہنے والے مختلف اقوام کو برابری کے بنیاد پر حقوق و شناخت نہ دینا لمحہ فکریہ ہے بعض تاریخ سے نا آشنا اور نابلد عناصر ہر پگڑی و داڑھی رکھنے والے کو شک کی نگاہ سے دیکھ کر بے جا تنگ کرنے پر تلے ہوئے ہیں اس ملک کے قیام کے جدوجہد میں ہمارے آباؤ اجداد نے انگریز فرنگی (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ کی زیر صدارت اجلاس

ملیریا سے بچاؤ کی ویکسینیشن کی ماہانہ کارکردگی کا جائزہ لیا گیا

لسبیلہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ ضلع بھر میں بچوں کو حفاظتی ٹیکوں کی فراہمی کا عمل مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ کوئی بچہ اہم ویکسینیشن سے محروم نہ رہے۔ اس حوالے سے ڈی سی آفس کے اجلاس کمرے میں ڈپٹی کمشنر حمیرا بلوچ کی زیر صدارت ای پی آئی ٹاسک فورس کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں پولیو اور دیگر مہلک بیماریوں سے بچاؤ کی ویکسینیشن اور حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام کی ماہانہ کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سراج احمد بلوچ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سید فرید اللہ (باقی صفحہ 3 نمبر 31)



کوئٹہ، آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن بلوچستان کے آرگنائزنگ کمیٹی کے اجلاس سے جعفر خان کاکڑ، نذر بزنجو، امان اللہ مینگل، جیلانی البدری، پروفیسر سید ایاز بلال احمد، محمد نعیم و دیگر رہنما اظہار خیال کر رہے ہیں

دہشت گردوں، بدعنوان عناصر، اغوا برائے تاوان میں ملوث مسلح گروہوں اور جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے

پشتونخوا وطن کے قومی حقوق کیلئے کسی قربانی دریغ نہیں کریں گے، نصر اللہ زیرے

19 نومبر کو شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاجی ریلیوں میں شرکت کا اعلان، علاقائی کانفرنس میں 100 افراد کی پارٹی میں شمولیت

کوئٹہ (آن لائن): پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین و رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ اور صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے نے کہا ہے کہ ان کی جماعت عوام کے ملی ارمانوں کی تکمیل اور قومی حقوق کے حصول کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ انہوں نے 19 نومبر کو مجوزہ شٹر ڈاؤن ہڑتال اور تمام اضلاع میں احتجاجی ریلیوں میں بھرپور شرکت کا اعلان بھی کیا۔ یہ بات انہوں نے پشتونخوا نیشنل عوامی (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیرِ وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com